ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | پیر 07 ذیقعد 1446ھ 05 مئی 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 307
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

بھارت کی ایل او سی پر بلا اشتعال فائرنگ، پاک فوج کا منہ توڑ جواب دفاع کرینگے، ڈی جی آئی ایس پی آر

ملک کی سلامتی و خودمختاری کا بھرپور

بھارت اتوار کی رات کو ایل او سی پر نکیال، کھوئی رٹہ، شاردا، کیل سیکٹرز، نیلم اور حاجی پیر سیکٹرز میں بلا اشتعال فائرنگ کی، پاک فوج کی فوری اور بھرپور کارروائی سے بھارتی فائرنگ کا سلسلہ رک گیا

پاک بھارت کشیدگی کے معاملے پر وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ اور ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشن لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو بریفنگ

اجلاس میں مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم، جے یو آئی، سابق وزیراعظم آزاد کشمیر، بی اے پی سمیت دیگر جماعتوں کے رہنماؤں کی شرکت، سیاسی قیادت کا بھارت کیخلاف بھرپور یکجہتی کا اظہار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) بھارتی فوج نے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر سیز فائر کی خلاف ورزی کی جس پر پاک فوج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا اور بھارتی بندوقیں خاموش۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بھارت نے اتوار کی رات کو متعدد مقامات پر پاکستانی پوسٹوں پر بلا اشتعال فائرنگ۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ بھارت نے ایل او سی پر نکیال، کھوئی رٹہ، شاردا، کیل سیکٹرز، نیلم اور حاجی پیر سیکٹرز میں بلا اشتعال فائرنگ۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے ان سیکٹرز میں دشمن کی بلا اشتعال فائرنگ کا منہ توڑ جواب۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ افواج پاکستان دشمن کی کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے بھارت کے اشتعال انگیز اقدامات کے خلاف ملکی سیاسی قیادت ایک پیج پر ہے، وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ اور ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے پاک بھارت صورتحال پر سیاسی رہنماؤں کو بریفنگ۔ اجلاس میں مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم، جے یو آئی، سابق وزیراعظم آزاد کشمیر، بلوچستان عوامی پارٹی سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ البتہ تحریک انصاف نے پاک بھارت صورتحال پر حکومتی بریفنگ میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ۔ ذرائع کے مطابق ان کیمرا سیشن میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے سیاسی رہنماؤں کو پاک فوج کی تیاریوں سے آگاہ کیا جبکہ وزیر اطلاعات نے سیاسی قائدین کو حکومتی سفارتی اقدامات سے آگاہ کیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ جارحیت مسلط کی گئی تو دشمن کو منہ توڑ جواب..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بھارت کشیدگی، ایرانی وزیر خارجہ آج پاکستان آئیں گے

اعلیٰ حکام سے ملاقاتوں میں بریکام آپریشن کے بعد کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا جائیگا

اسلام آباد، تہران (بیورو رپورٹ) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی پاک بھارت کشیدگی میں کمی کیلئے آج پاکستان کا دورہ کریں گے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کی جانب سے کہا گیا وزیر خارجہ عباس عراقچی ممکنہ طور پر آج پاکستان کا دورہ کر کے اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کریں..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی اوکی جرگے سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی وزراء، وزرائے مملکت کی تنخواہ ممبران قومی اسمبلی کے برابر، صدر نے آرڈیننس جاری کر دیا

180 فیصد اضافے سے وفاقی وزراء، وزرائے مملکت کی تنخواہ 5 لاکھ 19 ہزار مقرر، اطلاق یکم جنوری سے ہوگا

صدر مملکت آصف زرداری نے قومی زرعی تجارت اور فوڈ سیفٹی اتھارٹی کے قیام کا آرڈیننس بھی جاری کر دیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزراء، وزرائے مملکت کی تنخواہوں اور مراعات میں ترمیم کا آرڈیننس جاری کر دیا گیا، آرڈیننس صدر مملکت آصف زرداری نے جاری کیا، آرڈیننس کے مطابق وفاقی وزراء اور وزرائے مملکت کی تنخواہ کرن قومی اسمبلی کے برابر ہوگی، تنخواہوں میں اضافے کا اطلاق یکم جنوری 2025 سے ہوگا، آرڈیننس کے بعد وفاقی وزراء، وزرائے مملکت کی تنخواہ 5 لاکھ 19 ہزار مقرر..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو خطے کی موجودہ صورتحال پر بریفنگ دے رہے ہیں

ملکی سلامتی کی صورتحال پر ہونیوالی بریفنگ میں عدم شرکت، حکومت اے پی سی بلائے

موقف واضح ہے کسی بھی بیرونی جارحیت کی صورت میں ملک اور قوم کے دفاع کیلئے صف اول میں کھڑے ہوں گے

پی ٹی آئی ہر سطح پر قومی سلامتی، خودمختاری اور یکجہتی کیلئے سنجیدہ و ہمہ وقت تیار، بدقسمتی سے حکومت نے موقع ضائع کر دیا، سیاسی کمیٹی

قومی اتحاد، یک جہتی کے اظہار کو عمران خان کی شرکت اور رہائی سے مشروط کرنا پی ٹی آئی کی کوتاہ اندیشی ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی نے ملکی سلامتی کی موجودہ صورت حال پر بریفنگ کا بائیکاٹ کر دیا، پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس کے بعد جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا موجودہ صورت حال میں ضروری تھا آل پارٹیز کانفرنس..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، متحدہ قبائلی فیڈریشن پاکستان کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرے کے دوران بھارت کا جھنڈا جلایا جا رہا ہے

بھارت کے اقدامات پاکستان کی انسداد دہشتگردی کی کوششوں سے توجہ ہٹا رہے ہیں، وزیراعظم پاکستان ملکی خودمختاری اور قومی مفادات کا پختہ طور پر تحفظ کریگا، نائب وزیراعظم

پاکستان کا بھارت کے جارحانہ اقدامات اقوام متحدہ کے سامنے اٹھانے کا فیصلہ

خطے کی صورتحال پر سلامتی کونسل کو باضابطہ بریفنگ دی جائیگی

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندے کو سلامتی کونسل کا اجلاس بلانے کیلئے فوری اقدامات کرنے کی ہدایت، اہم سفارتی اقدام عالمی برادری کے سامنے حقائق پیش کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے

پاکستان، ملائیشیا کے وزرائے اعظم کا رابطہ، شہباز شریف نے بھارت کے اشتعال انگیز رویے کے نتیجے میں جنوبی ایشیا میں موجودہ کشیدگی پر تشویش سے آگاہ کیا، پہلگام واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے پاکستان کی پیشکش کو دہرایا

اسحاق ڈار نے روسی و ملائیشین ہم منصب سے ٹیلی فونک رابطہ خطے میں حالیہ پیشرفت اور بھارت کے اشتعال انگیز اقدامات سے آگاہ کیا، پاکستان علاقائی امن و سلامتی کے لیے پرعزم، اپنی خودمختاری و قومی مفادات کے تحفظ کا حق محفوظ رکھتا ہے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان نے باضابطہ طور پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا اجلاس بلانے کا فیصلہ کر لیا، حکومتی ذرائع کے مطابق نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندے کو سلامتی کونسل کا اجلاس بلانے..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی اقدامات کا مقصد عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنا ہے، وزیراعلیٰ

ڈیرہ بگٹی میں پی پی ایچ آئی کو مزید فعال اور فنڈز میں اضافہ کرینگے تاکہ مزید بہتر سہولیات عوام کو مل سکیں

عوامی فلاح و بہبود کے لیے جو منصوبے شروع کیے گئے ان کے فوائد سے عوام مستفید ہونگے، بیکو میں گفتگو

ڈیرہ بگٹی (ایس این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈیرہ بگٹی بیکو کا دورہ کیا جہاں انہیں بنیادی عوامی مسائل اور انکے حل سے متعلق افسران نے بریفنگ دی انہوں..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بھارت کشیدگی، وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ ملائیشیا ملتوی ہونے کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کا اگلے ہفتے ملائیشیا کا 2 روزہ دورہ ملتوی ہونے کا امکان ہے، ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی 8 اور 9 مئی کو کوالالمپور میں..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

مودی کا گھناؤنا چہرہ بے نقاب، کانگریس رہنما نے کلپ چلا دیا

تقریر کا ویڈیو کلپ چلا کر مودی اور بھارتی میڈیا کے منہ پر طمانچہ مارا گیا

بلاک فوجی جوانوں کے نام پر سیاست کرنے کا گندا کھیل منظر عام پر آگیا، سیاسی ماہرین

نئی دلی (بیورو رپورٹ) بھارت کی اپوزیشن جماعت کانگریس کے رہنما نے لائیو پروگرام میں ہندو انتہا پسند وزیراعظم نریندر مودی کے ووٹ مانگنے کا کلپ لائیو پروگرام میں چلا دیا، سکیورٹی ذرائع کے مطابق پہلگام واقعہ کو جواز بنا کر نریندر مودی کا عوام سے ووٹ مانگنے کا منصوبہ کانگریس رہنما نے دنیا کے سامنے بے نقاب کر دیا، پلوامہ فالس فلیگ آپریشن کے نتیجے میں بلاک بھارتی فوجیوں کی لاشوں پر ووٹ مانگنے کا بیان لائیو پروگرام میں چلا دیا، ٹی وی پروگرام میں کانگریس رہنما کی جانب سے تقریر کا ویڈیو کلپ چلا کر مودی اور بھارتی میڈیا کے منہ پر طمانچہ مارا گیا، بی جے پی کی آلہ کار پروگرام اینکر مودی کا دفاع کرنے کی ناکام کوشش..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

واہگہ، پاکستان رینجرز کے اہلکار پرچم اتارنے کی تقریب کے دوران جھنڈے کو سلامی پیش کر رہے ہیں

الجزیرہ کی رپورٹ نے مودی حکومت کا گھناؤنا ایجنڈا بے نقاب کر دیا

1500 سے زائد بیگناہ افراد بغیر ثبوت گرفتار، ہزاروں گھروں کو بغیر تحقیق منہدم کر دیا گیا

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) عالمی نشریاتی ادارے الجزیرہ نے تازہ رپورٹ میں بھارت کے زیر انتظام جموں و کشمیر میں پہلگام فالس فلیگ حملے اور بھارتی ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی جارحیت پر اپنے دفاع میں جوہری و روایتی دونوں طاقت استعمال کرینگے، روس میں پاکستانی سفیر

انٹیلی جنس شواہد ہیں بھارت پاکستان پر حملہ کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے، پانی کے مسئلے پر کسی بھی جارحیت کا جواب جنگ سے ہوگا

سرحدوں کے دفاع میں کسی بھی حد تک جائینگے، چین، روس سے پہلگام حملے کی تحقیقات میں شامل ہونے کی درخواست کرتے ہیں، خالد جمالی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے بھارت کیخلاف اپنے دفاع میں جوہری اور روایتی دونوں طاقت استعمال کرنے کا عندیہ دے دیا، روس میں تعینات پاکستان..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

اسٹیٹ بینک مانیٹری پالیسی کا اعلان آج کریگا، شرح سود میں کمی کا امکان

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک آئندہ 2 ماہ کیلئے مانیٹری پالیسی کا اعلان آج کریگا، شرح سود میں کمی کا امکان ہے، اقتصادی ماہرین کے مطابق مرکزی بینک کے پاس دسمبر 2025 تک شرح سود میں مزید 200 بیسس..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے بلاول، عمران کا بھی ایکس اکاؤنٹ بلاک کر دیا

اقدام بھارتی حکومت کی جانب سے آزادی اظہار رائے پر ایک اور کاری ضرب

بلاول پاکستان کے عوام کی آواز، اکاؤنٹ بلاک کرنا جھوٹ کو بے نقاب کرتا ہے، شیری رحمان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف، ڈی جی آئی ایس پی آر اور وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس بلاک کرنے کے بعد بھارت نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور پاکستان پیپلز پارٹی کا بھی ایکس اکاؤنٹ بلاک کر دیا، ذرائع کے مطابق اقدام بھارتی حکومت کی جانب سے آزادی اظہار..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی عسکری حلقوں میں جے ایف 17 بلاک تھری کے چرچے

چین نے پہلی بار پاکستان کو فضا میں مار کرنیوالے PL-15 میزائل دیئے، رپورٹ

کراچی (بیورو رپورٹ) بھارت فرانسیسی جنگی طیارہ داسو رافال پاکر مغرور تھا مگر پاکستانی جدید ترین طیارے، JF-17 بلاک تھری کے تباہ کن ہتھیاروں کی..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا موقف بڑا واضح جنگ مسلط کی گئی تو بھرپور جواب دینگے، نقوی

بلیم گیم سے کشیدگی میں اضافہ ہو رہا ہے، خطے میں پائیدار امن کے خواہاں ہیں، وزیر داخلہ، عمان میں اہم ملاقاتیں

پاک عمان تعاون نئی بلندیوں تک لیکر جائینگے، اشتراک کار بڑھانے کیلئے اقدامات دنوں میں نظر آئیں گے، گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے بلیم گیم سے کشیدگی میں اضافہ ہو رہا ہے، پاکستان کا موقف بڑا واضح ہے جنگ مسلط کی گئی تو بھرپور جواب دیں گے، وزیر داخلہ مسقط میں عمان کی وزارت داخلہ پہنچے، عمان کے وزیر داخلہ سید ہمود..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز کی نواز سے ملاقات، پاک بھارت کشیدگی پر بریفنگ

دونوں کی ملاقات میں سیاسی صورتحال سمیت دیگر اہم امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے جاتی امراء رائے ونڈ میں ملاقات کی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز بھی..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

وزارت تجارت کا بڑا اقدام بھارتی مصنوعات کا پاکستانی زمینی، فضائی یا سمندری راستے سے گزرنا بند

قومی سلامتی اور عوامی مفاد کے پیش نظر بھارتی ساختہ مصنوعات کی پاکستانی حدود سے ترسیل پر پابندی عائد کی

کسی تیسرے ملک سے بھی بھارتی درآمدی و برآمدی مصنوعات کی پاکستانی حدود سے گزرنے پر پابندی ہوگی

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزارت تجارت نے بڑا اقدام کرتے ہوئے کہا ہے بھارتی مصنوعات پاکستان کی زمینی، فضائی یا سمندری راستے سے نہیں گزر سکیں گی، امپورٹ ایکسپورٹ ایکٹ 1950 کے تحت ایس آر او جاری کر دیا گیا، رپورٹ کے مطابق قومی..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان، بھارت فوری مذاکرات شروع کریں، خلیج تعاون کونسل

مسئلہ کشمیر کا پرامن حل تلاش کرنے کیلئے بین الاقوامی برادری اپنی کوششیں تیز کرے

جدہ (بیورو رپورٹ) خلیج تعاون کونسل نے جنوبی ایشیا کی بگڑتی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان اور بھارت سے فوری مذاکرات شروع کرنے..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ کا چائنیز حکومت کی جانب سے طالبات کیلئے شروع کیے جانے والے (she Power Project) کی اختتامی تقریب کے موقع پر خواتین کے ہمراہ گروپ فوٹو

ایف بی آر نے کالا دھن رکھنے والوں کیخلاف گھیرا تنگ کر دیا

کراچی (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کالا دھن رکھنے والوں کیخلاف شکنجہ کسنے کی ٹھان لی، کالے دھن و غیر رجسٹرڈ معیشت کے دھاروں کو قومی دھارے میں لانے کیلئے..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی میں ایک مرتبہ پھر واٹر ایمرجنسی نافذ

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی میں ایک مرتبہ پھر واٹر ایمرجنسی نافذ کر دی گئی، خانپور ڈیم میں صرف ایک ماہ کا پانی کا ذخیرہ رہ گیا، ایم ڈی واسا سلیم اشرف کے مطابق راول ڈیم میں پانی کا ذخیرہ صرف 3 ماہ کا رہ..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ترکیہ کا بحری جہاز خیر سگالی دورے پر کراچی پہنچ گیا

مقصد دونوں بحری افواج کے درمیان ہم آہنگی اور بحری تعاون کو فروغ دینا ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) ترک بحریہ کا جہاز BÜYÜKADATCG خیر سگالی دورے پر کراچی بندرگاہ پہنچ گیا، پاکستان آمد پر ترکیہ اور پاک بحریہ کے..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر پورٹ سے حاصل آمدنی میں بلوچستان کا کوئی حصہ نہیں، نظامیہ کا مرسلہ

پورٹ کا آپریشنل انتظام چینی کمپنی کے پاس، بندرگاہ کے 2 آپریٹنگ ادارے 9، 9 فیصد آمدنی دے رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے معاملہ وفاقی حکومت کے سامنے اٹھانے کی یقین دہانی کرائی، ذرائع

گوادر (بیورو رپورٹ) گوادر پورٹ اتھارٹی کی جانب سے حکومت بلوچستان کو کہا گیا ہے گوادر پورٹ سے حاصل آمدنی میں بلوچستان کا کوئی حصہ نہیں، مراسلے میں کہا گیا گوادر پورٹ کا آپریشنل انتظام چین کی کمپنی کے پاس ہے، بندرگاہ کے 2 آپریٹنگ ادارے گوادر پورٹ اتھارٹی کو 9، 9 فیصد آمدنی دے..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پہلگام آپریشن، بھارت کے اندر سے مودی، میڈیا پر تنقید شروع

مختلف پلیٹ فارمز پر شہریوں نے سکیورٹی فیلیئر پر بی جے پی کو شدید تنقید کا نشانہ بنا دیا

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارت کے اندر سے مودی اور بھارتی میڈیا پر تنقید شروع ہوگئی، ذرائع کے مطابق مختلف میڈیا پلیٹ فارمز پر بھارتی شہریوں نے سکیورٹی فیلیئر پر بی جے پی کو شدید تنقید کا نشانہ بنا دیا، منظر..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی سانحہ شہداء کی تعداد 19 ہوگئی، زیر علاج متعدد مریضوں کی حالت نازک

گیس کر شدید زخمی ہونے والے افراد کا وزیراعلیٰ کی ہدایت پر کراچی میں علاج سرکاری خرچ پر جاری

ہلاکتوں کی تعداد بڑھنے سے زخمی افراد اور ان کے اہل خانہ کے افراد ذہنی اذیت میں مبتلا ہونے لگے

اسپتال انتظامیہ کی غفلت کا نوٹس لیکر متاثرہ افراد کو بہتر علاج فراہم کیا جائے تاکہ قیمتی جانوں کو بچایا جا سکے، لواحقین

نوشکی (یو این اے) نوشکی کے علاقے میں تیل بردار ٹینکر میں گھسنے والی آگ کے دلخراش واقعے میں شہدا کی تعداد 19 ہوگئی ہے۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب مقامی لوگ ٹینکر سے تیل جمع کر رہے تھے کہ اچانک ٹینکر میں زوردار دھماکہ ہوا اور آگ بھڑک اٹھی، جس نے متعدد افراد کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ شہید ہونے والوں میں سے عبدالرؤف..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے حملہ کیا تو پاک فوج کیساتھ کھڑے ہوں گے، سکھ برادری

پہلگام حملہ سراسر فالس فلیگ، ڈرامے کا مقصد پاکستان پر جنگ مسلط کرنا ہے

پاکستان اور گرو صاحب کی دھرتی پر آنچ بھی آئی تو بھارت کو چھوڑیں گے نہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارتی ڈرامے کو سکھ برادری نے بے نقاب کر دیا، رپورٹ کے مطابق سکھ برادری نے دوٹوک اعلان کیا بھارت کا پہلگام حملہ سراسر فالس فلیگ ہے، ڈرامے کا مقصد پاکستان پر جنگ مسلط کرنا ہے اگر بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا تو پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہوں گے، پاک فوج کیلئے لنگر، پانی اور ..... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پر جھوٹے الزامات، بھارتی عوام مودی پر برس پڑے

بھارتی شہری کی وزیراعظم نریندر مودی پر تنقید کے تیر چلانے کی ویڈیو وائرل

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے پہلگام حملے کے بعد بھارت کی جانب سے بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر الزام لگایا گیا جس کیخلاف اب ..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بڑھتی کشیدگی، بھارتی فضائیہ کے سربراہ کی مودی سے ملاقات

ملاقات 40 منٹ تک جاری، کوئی سرکاری اعلامیہ میڈیا کے سامنے پیش نہیں کیا گیا

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) جموں و کشمیر کے پہلگام میں حملے کے بعد پاک بھارت کشیدگی کے تناظر میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی سے ہندوستانی فضائیہ کے ..... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

دبئی، منی لانڈرنگ پر ارب پتی بھارتی تاجر کو قید و بھاری جرمانہ

دبئی (بیورو رپورٹ) دبئی کی عدالت نے منی لانڈرنگ پر بھارت کے ارب پتی تاجر کو قید کی سزا سنا دی، عرب میڈیا کے مطابق بھارتی تاجر بلوندر سنگھ پر منی لانڈرنگ کیلئے منظم گروہ بنانے اور منظم جرائم کی سرپرستی کے سنگین الزامات عائد تھے، عدالت نے الزامات کو درست قرار دیتے ہوئے تاجر بلو..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

روس میں بھارتی جارحیت پر اپنے دفاع میں جوہری و روایتی دونوں طاقت استعمال کرینگے، پاکستانی سفیر

اقوام متحدہ مقبوضہ کشمیر فیکٹ فائنڈنگ مشن بھیجے، او آئی سی کمیشن

بھارتی مسلمانوں کو پہلگام حملے کے بعد قربانی کا بکرا بنانا قابل تشویش ہے

کشمیری عوام کو ناقابل تنسیخ حق خودارادیت دیا جائے، او آئی سی کا اعلامیہ

دبئی (بیورو رپورٹ) اسلامی تعاون تنظیم (OIC) کے مستقل خودمختار انسانی حقوق کمیشن (IPHRC) نے بھارت اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں مسلمانوں..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ مسلح افراد کی فائرنگ سی ٹی ڈی اہلکار جاں بحق

امجد ابا بکی ڈیوٹی کے بعد واپس اپنے گھر جا رہا تھا کہ حملے کا نشانہ بنا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مسلح افراد نے سبزل روڈ پر فائرنگ کر کے سی ٹی ڈی کے کانسٹیبل کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے پولیس..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فضائیہ کی بروقت کارروائی، بھارتی طیارے دوسری مرتبہ پھر فرار

پی اے ایف نے فوری لڑاکا طیارے فضا میں بھیجے، بھارت نے جارحیت کا منصوبہ ترک کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک فضائیہ نے 29 اور 30 اپریل کی شب بھارت کی پاکستان کی جانب پیشقدمی کی کوشش کو ناکام بنایا اور بھارت کے 4 جدید..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، جماعت اہلسنت کے تحت بھارتی و اسرائیلی جارحیت کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

ضرورت پڑی تو اے پی سی بھی بلا لیں گے، رانا تنویر

کامیاب خارجہ پالیسی نے بھارتی حکومت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا، وفاقی وزیر

جنگ نہیں ہوگی، دنیا نے پاکستان کے بیانیے کی حمایت کر دی، صحافیوں سے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر فوڈ سیکورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر نے کہا ہے ضرورت پڑی تو اے پی سی بھی بلا لیں گے، شیخوپورہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر نے کہا پاک بھارت جنگ نہیں ہوگی اور نہ ہی بھارت پانی روک سکے گا، عالمی برادری نے پاکستان کے بیانیے کی حمایت کر دی، مودی حکومت کوئی ثبوت نہیں دے سکی، کامیاب..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

فرانسیسی میڈیا بھی پہلگام واقعے پر مودی کی جعلسازی پر بول پڑا

انٹرنیٹ پر شیئر وڈیوز میں دکھائے گئے افراد کا پہلگام حملے سے کوئی تعلق نہیں، رپورٹ

ماسکو (بیورو رپورٹ) پہلگام فالس فلیگ آپریشن پر فرانسیسی میڈیا نے کہا ہے مودی حکومت نے حقائق چھپاتے ہوئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا استعمال کیا..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب موسیٰ خیل میں آسمانی بجلی گرنے سے 2 دیگر حادثات میں 5 افراد جاں بحق

دکی میں کالکن جانبحق، خضدار میں کمسن بچہ پانی میں ڈوب گیا، میڈیکل کالج کے سامنے گاڑی کی ٹکر سے ایک جاں بحق

اندرون صوبہ (آن لائن، نمائندے) اندرون بلوچستان مختلف واقعات و حادثات اور آسمانی بجلی گرنے سے 2، حادثات میں 5 افراد جان سے گئے تفصیلات کے مطابق۔ گذانی کے سمندر میں دو افراد ڈوب گئے مقامی انتظامیہ کے مطابق گذانی شپ بریکنگ..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

طاقتور قوتیں لوگوں کے وسائل اور زمینیں قبضہ کر رہی ہیں، محمود خان اچکزئی

امریکیوں سے مطالبہ کیا ہے، آئی ایم ایف نے جتنا قرضہ پاکستان کو دیا اسکی تفصیلات دی جائیں، چیئرمین

یہ دہشتگردی نہیں کہ کروڑوں عوام کی رائے پر قبضہ کیا گیا اور نتائج تبدیل کیئے گئے، جرگے سے خطاب

مودی حکومت کو ہلا دینے والی تحریک پھر پوری طاقت سے ابھر آئی

راکیش ٹکیت کی قیادت میں کسان تحریک میں نیا جوش، ملک گیر اثرات نمایاں

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) مودی حکومت کو ہلا دینے والی کسان تحریک پھر پوری طاقت سے ابھر آئی، راکیش ٹکیت کی قیادت میں کسان تحریک میں نیا جوش دیکھا جا رہا ہے اور ملک گیر اثرات نمایاں ہو رہے ہیں، کسانوں کا پیغام واضح ہے زمین، روزگار اور عزت کی جنگ..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

سوابی (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پانی کے تقسیم کے معاہدے کو نہیں مانتے، پشتونخوا وطن کے پانیوں پر قبضہ کر کے لوگوں نے اپنے وطنوں کو اس سے زرخیز بنایا ہے، دو دن پہلے دو امریکن آئے تھے میں نے..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کشیدگی بڑھانے کی بجائے پاکستان سے مذاکرات کرے، روس کا دوٹوک پیغام

مودی نے پہلگام واقعہ کا الزام بغیر کسی ثبوت پاکستان پر لگایا اور سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کر دیا

شملہ معاہدہ اور لاہور ایگریمنٹ کی روشنی میں دونوں ممالک کو سفارتی راستہ اختیار کرنا چاہیے، روسی وزیر خارجہ

ماسکو (بیورو رپورٹ) روس نے ایک بار پھر زور دیا ہے بھارت اور پاکستان کے درمیان کشیدگی کو دو طرفہ مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے، روسی وزیر خارجہ سرگئی..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

شفافیت ورثے کے تحفظ سے متعلق تجاویز پر مبنی قرارداد پیش ہوگی

ٹرانسپورٹ سے متعلق سوالات دریافت اور جوابات دیئے جائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن پبلک سروس کمیشن پر ہونے والے اخراجات اور ادارے کی کارکردگی سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔ اجلاس میں کام کرنے کی جگہ پر خواتین ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

قلات میں لیویز تھانہ پر ہین

ٹوڈی کار ویگنوں بسوں کے کرایوں میں ہوشربا اضافہ حکام نوٹس لیں، مسافروں کا مطالبہ

کوئٹہ تو قلعہ عبداللہ ٹوڈی کار سروس 600 ویگن 300 روپے، بس 250 روپے لیے جا رہے ہیں

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود عوام کو ریلیف سے محروم رکھا جا رہا ہے، طارق ملاخیل

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ سے اندرون بلوچستان جانے والی ٹوڈی کار اور ویگنوں بسوں کے کرایوں میں ہوشربا، اور خود ساختہ اضافہ، کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے فوائد سے عوام محروم ہو گئے ہیں مشرق کے توسط سے ٹرانسپورٹ اتھارٹی سے فی کلومیٹر کے حساب سے کرایہ کے نئے ریٹ تعین کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے شہریوں نے کہا ہے کہ ہر کمپنی نے من مرضی کے کرائے مقرر کر رکھے ہیں مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے طارق ملاخیل، ولی خان خلجی، نسیم اللہ ترین، سید قائم آغا ودیگر نے بتایا ہے کہ اس وقت کوئٹہ تو قلعہ عبداللہ ٹوڈی کار سروس 600 روپے ویگن 300 روپے، بس 250 روپے، کوئٹہ تو میزئی اڈہ 500 روپے کوئٹہ تو سرانان 400 روپے کوئٹہ تو گلستان 700 روپے اسی طرح اسی طرح کوئٹہ میں لوکل بسیز مالکان نے بھی اپنی اجارہ داری قائم کر رکھی ہے کہیں سے بھی سواری اٹھا دیں تو 50 روپے مقرر ہے میٹر اور فاصلہ کا کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں شہریوں نے صوبائی حکومت اور ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے علاوہ کمشنر کوئٹہ اور ڈی سی کوئٹہ سے بھی مطالبہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اندرون صوبے جانے والی ٹرانسپورٹ، کار، ویگنوں اور لوکل بسوں کے کرایوں میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے حساب سے نئے ریٹ مقرر کر کے اور نرخنامہ جاری کر کے عوام کو اس سے آگاہ کیا جائے اور ٹرانسپورٹرز مالکان کو اس ریٹ کا پابند بنایا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ عوام کو 2018 سے لیکر 2024 تک مہنگائی کے دلدل میں پھسانے والی ماضی کی حکومتوں کے ناتجربہ کار کارناموں سے چھٹکارا دلایا جائے۔ انہوں نے موجودہ صوبائی حکومت کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے بتایا ہے کہ کوئٹہ اور اندرون بلوچستان کے غریب عوام کو نہ صرف ٹرانسپورٹ بلکہ زندگی کے تمام اشیاء خورونوش اور دیگر اشیاء پر سبسڈی دی جائے تاکہ وہ سکون سے زندگی گزر بسر کر سکے۔

آزادی صحافت صرف نام کی حد تک رہ گئی ہے، فیصل کاکڑ

پرسنر شپ پہلے سے عائد جبکہ اب پیکا ایکٹ کے سیاہ قانون کو لاگو کیا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے اطلاعات سیکرٹری فیصل کاکڑ نے کہا ہے کہ آزادی صحافت صرف نام کی حد تک رہ گئی ہے، آزادی صحافت کے عالمی دن پر صحافیوں کا اپنے حقوق کے لیے احتجاج اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ نہ ہی صحافت آزاد ہے اور نہ ہی اس ملک میں آزادی رائے کا حق کسی کو حاصل ہے۔ ملکی آئین کی پامالی کرتے ہوئے فارم 47 کی حکومت کی جانب سے آزادی رائے پر قدغنوں کا سلسلہ آج بھی جاری ہے، میڈیا پر سنسر شپ پہلے سے عائد جبکہ اب پیکا ایکٹ کے سیاہ قانون کو لاگو کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبے میں کوئی تحقیقی کارخانے، فیکٹریاں موجود نہیں اور سرکاری اشتہارات کے ذریعے اخباری مالکان اور ملازمین اپنے گھر والوں کی کفالت کر رہے ہیں۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کے تمام جائز مطالبات کی حمایت کرتی ہے اور امید کرتی ہے کہ آزادی صحافت کے لئے صوبے کے تمام صحافت کی تنظیمیں مشترکہ جدوجہد کرے گی اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اپنے محبوب چیئرمین علی مشر محمود خان اچکزئی کی قیادت میں ملک میں آئین کی بالادستی، جمہوری حکمرانی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، عدلیہ و میڈیا کی آزادی کے لیے ان کے شانہ بشانہ ہوں گی

پنجپائی گرلز سکول ٹیچر کی ریٹائرمنٹ کے بعد ڈیڑھ ماہ سے بند ہے

200 سے زائد بچیوں کا مستقبل تاریک ہو رہا ہے اساتذہ کی تعیناتی کو یقینی بنائے

کوئٹہ (یو این اے) پنجپائی میں گرلز سکول محمد خیل ٹیچر کی ریٹائرمنٹ کے بعد گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے بند پڑا ہے دو سو سے زائد بچیوں کا مستقبل تاریک ہو رہا ہے کیونکہ تعلیم خواتین اساتذہ کی تعیناتی کو یقینی بنائے تاکہ معصوم بچیوں کا سال ضائع ہونے سے بچ سکیں ماضی میں اس سکول کے نام پر بھرتیاں بھی ہوئی لیکن سفارش کے بنیاد پر انہیں کوئٹہ میں تعینات کیا گیا اس حوالے سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی سیکرٹری تعلیم صالح ناصر گلزئی پرائمری سکول محمد خیل پنجپائی کی بندش کا نوٹس لے اور فوری طور پر سکول کے لیے خاتون ٹیچرز کا بندوبست کریں تاکہ ڈیڑھ سو سے دو سو بچیوں کا مستقبل تاریک ہونے سے بچ سکیں کیونکہ یکم مارچ سے موسم سرما کی چھٹیاں ختم ہو کر دوبارہ سکول کھل چکے ہیں واضح رہے کہ محمد خیل گلزئی سکول کے نام پر بھرتیاں ہوئے ہے وہ ٹیچرز کوئٹہ کے مختلف سکولوں میں عارضی طور پر ڈیوٹیاں سرانجام دے رہے ہیں انہیں محمد خیل میں تعینات کر کے بچیوں کے مستقبل تاریک ہونے سے بچایا جائے۔

خانوزئی بے یو آئی مفتی محمود یونٹ دلسورہ مجلس عاملہ اجلاس کے صدارت مولوی آمین اللہ کر رہے ہیں

نجی لا کالجز کے سالانہ امتحانی سیشن کا لیٹ ہونا علم دشمن اقدام ہے، یار محمد بریال

متعلقہ حکام نجی کالجز کی تعلیم دشمنی کے نوٹس لیتے ہوئے کاروائی کریں، واسع سنزر، حفیظ اللہ یار

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ کے ضلع سیکرٹری یار محمد بریال، سینئر معاون واسع سنزر، اطلاعات سیکرٹری حفیظ اللہ یار، آفس سیکرٹری شہزادہ ترین، رابطہ سیکرٹری ڈاکٹر محمود خلجی اور ثقافت سیکرٹری صالح وطن شاد نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کے زرغون لاء کالج، پیشنل لاء کالج، سٹی لاء کالج اور کوئٹہ لاء کالج کے پچھلے چار پانچ سال سے سالانہ امتحانی سیشن کا لیٹ ہونا علم دشمن اور افسوس ناک عمل ہے واضح رہیں کہ کوئٹہ شہر میں پانچ سے چھ مختلف پرائیویٹ لاء کالجز جو کہ یونیورسٹی سے منسلک ہے ان کے سالانہ امتحانات یونیورسٹی لیتی ہے لیکن ان کے سیشنز کا مسلہ حل نہیں ہو سکا۔ سال 2020 میں داخلہ لینے والے طلباء جن کا سال 2024 میں پانچ سال پورے ہو چکے ہیں لیکن آج تک ان کی ڈگری نہ صرف مکمل نہیں ہوئی ہے۔ بلکہ پانچویں سال کا امتحان نہیں ہوا ہے۔ پچھلے سال دسمبر میں ہونے والے امتحانات کے نتائج تاحال جاری نہیں ہوئے جو کے سراسر ظلم اور ناانصافی ہے۔ طلباء مختلف مسائل کا شکار ہیں اور سخت ذہنی اضطراب کا شکار ہیں اپنے مستقبل سے مایوس ہیں۔ یونیورسٹی انتظامیہ جان بوجھ کر امتحانات کا انعقاد اور نتائج میں تاخیر کرتے ہیں جس سے مختلف کالجوں کے مختلف سیشنز میں زیر تعلیم ہزاروں طلباء کا مستقبل خطرے میں پڑ گیا ہے بار بار یقین دہانیوں کے باوجود یونیورسٹی انتظامیہ ان کالجز کے سنگین مسائل کو حل کرنے میں ناکام نظر آتی ہے۔ جو کہ نہایت تشویش ناک ہے۔ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن یونیورسٹی انتظامیہ سے مطالبہ کرتا ہے کے جلد از جلد اس سنجیدہ مسئلے کو حل کریں بصورت دیگر پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن اپنے جمہوری حق کو استعمال کرتے ہوئے ہر فورم پر آواز اٹھائی گئی۔

ژوب، آتشزدگی، سے دستاویزات سمیت قیمتی سامان جل کر خاکستر

تنویر اکبر اور ان کی اہلیہ کی اصل تعلیمی اسناد، بچوں کے بی فارم، معذوری سرٹیفکیٹ شامل

متاثرہ غریب خاندان نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مالی معاونت کی اپیل کی ہے

ژوب (پ ر) گریڈ اسٹیشن محلہ ژوب کے رہائشی تنویر اکبر ولد منظور الٰہی کے گھر میں نامعلوم وجوہات کی بنا پر اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس نے گھر کے کمرے اور کچن کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ حادثے کے نتیجے میں گھر میں موجود تمام قیمتی سامان بشمول الماریاں، کارپیٹ، طلائی زیورات (انگوٹھی، کانٹے)، کپڑے، اور دیگر ضروری اشیاء مکمل طور پر جل گئیں۔ اس کے علاوہ تنویر اکبر اور ان کی اہلیہ کی اصل تعلیمی اسناد، بچوں کے بی فارم، اور ان کے بیٹے کا معذوری سرٹیفکیٹ بھی آگ کی نظر ہو گئے۔ متاثرہ خاندان نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ اس افسوسناک واقعے کی فوری تحقیقات کی جائیں اور آگ لگنے کی اصل وجوہات کا پتا لگایا جائے۔ ساتھ ہی تعلیمی اسناد اور دیگر سرکاری دستاویزات کی دوبارہ اجرائی میں بھرپور تعاون فراہم کیا جائے تاکہ متاثرہ خاندان دوبارہ اپنی زندگی کو سنوار سکے۔

کوئٹہ، بلوچستان انجینئرز، انجینئرنگ اور انٹرپرنیور آفیسرز ایسوسی ایشن کے اجلاس کے بعد عبدالحمید بلوچ ودیگر کا گروپ فوٹو

سریاب میں ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں خوش آئند ہیں، رفیق جتک

تجاوزات کے خاتمے سے علاقہ مکینوں کا اہم مسئلہ حل ہو جائے گا، صادق بنگلزئی

کوئٹہ (پ ر) سریاب کے تجربے کار سیاسی ورکر زرفیق جتک اور صادق بنگلزئی نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان میں نو تعینات اے سی سریاب سعد کلیم ظفر کی عوامی امنگوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نتیجہ خیز کارروائیوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ان اقدامات سے قانون کی بالادستی کا تاثر ابھر رہا ہے جو عوام کے ساتھ ساتھ حکومت کے وقار اور اعتماد کو بھی تقویت بخشتی ہے تجاوزات کی بھرمار کی وجہ سے پیدل چلنے والوں کے ساتھ چھوٹی بڑی سواریاں بھی رکاوٹوں کا سامنا کر رہے تھے ٹریفک کے مسائل بھی سر اٹھا رہے تھے مگر قانون کے حرکت میں آنے کے بعد تجاوزات کی نمائش کرنے والوں کی عقل ٹھکانے آ گئے جو مثبت پیش رفت ہے

پاکستان کو قائد محمد نواز شریف نے ناقابل تسخیر بنا دیا ہے، فرید افغان

مسلم لیگی کارکنان وطن عزیز کے دفاع کیلئے افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات فرید افغان نے کہا کہ پاکستان کے دفاع کو ایٹمی اور میزائل ٹیکنالوجی اور فضائی برتری دیکر قائد پاکستان میں محمد نواز شریف نے ناقابل تسخیر بنا دیا ہے اور اس وقت جو شخص ہمارا سپہ سالار حافظ عاصم منیر ہے جو اہل بیت ہے اور جو ایک سچا پاکستانی اور ایک مضبوط اعصاب کا مجاہد ہے۔ ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز اپنی رہائش پر ملنے کے لئے آئے ہوئے پشین سے سینئر مسلم لیگی رہنما ملک عبدالرزاق لالا، محمد دین کاکڑ، ملک لطیف رئیسانی، عبدالشکور بلوچ شامل تھے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس بات کا اعتراف دشمن کو بھی نہ چاہتے ہوئے کرنا پڑ رہا ہے کہ ہماری افواج نے اس جدید دور کی جدید ٹیکنالوجی اور جزبہ ایمانی سے سرشار ہو کر دشمن کو ہر محاذ پر چاروں شانے چت کر کے رکھ دیا ہے اور قوم دشمن کو ہر محاذ پر شکست سے دوچار کرنے کے لئے اپنے داخلی اختلافات کو ایک طرف رکھ کر متحد ہے۔

ٹوڈی کار ویگنوں بسوں کے کرایوں میں ہوشربا اضافہ حکام نوٹس لیں، مسافروں کا مطالبہ

کوئٹہ تو قلعہ عبداللہ ٹوڈی کار سروس 600 ویگن 300 روپے، بس 250 روپے لیے جا رہے ہیں

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود عوام کو ریلیف سے محروم رکھا جا رہا ہے، طارق ملاخیل

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ سے اندرون بلوچستان جانے والی ٹوڈی کار اور ویگنوں بسوں کے کرایوں میں ہوشربا، اور خود ساختہ اضافہ، کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے فوائد سے عوام محروم ہو گئے ہیں مشرق کے توسط سے ٹرانسپورٹ اتھارٹی سے فی کلومیٹر کے حساب سے کرایہ کے نئے ریٹ تعین کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے شہریوں نے کہا ہے کہ ہر کمپنی نے من مرضی کے کرائے مقرر کر رکھے ہیں مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے طارق ملاخیل، ولی خان خلجی، نسیم اللہ ترین، سید قائم آغا ودیگر نے بتایا ہے کہ اس وقت کوئٹہ تو قلعہ عبداللہ ٹوڈی کار سروس 600 روپے ویگن 300 روپے، بس 250 روپے، کوئٹہ تو میزئی اڈہ 500 روپے کوئٹہ تو سرانان 400 روپے کوئٹہ تو گلستان 700 روپے اسی طرح اسی طرح کوئٹہ میں لوکل بسیز مالکان نے بھی اپنی اجارہ داری قائم کر رکھی ہے کہیں سے بھی سواری اٹھا دیں تو 50 روپے مقرر ہے میٹر اور فاصلہ کا کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں شہریوں نے صوبائی حکومت اور ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے علاوہ کمشنر کوئٹہ اور ڈی سی کوئٹہ سے بھی مطالبہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اندرون صوبے جانے والی ٹرانسپورٹ، کار، ویگنوں اور لوکل بسوں کے کرایوں میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے حساب سے نئے ریٹ مقرر کر کے اور نرخنامہ جاری کر کے عوام کو اس سے آگاہ کیا جائے اور ٹرانسپورٹرز مالکان کو اس ریٹ کا پابند بنایا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ عوام کو 2018 سے لیکر 2024 تک مہنگائی کے دلدل میں پھسانے والی ماضی کی حکومتوں کے ناتجربہ کار کارناموں سے چھٹکارا دلایا جائے۔ انہوں نے موجودہ صوبائی حکومت کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے بتایا ہے کہ کوئٹہ اور اندرون بلوچستان کے غریب عوام کو نہ صرف ٹرانسپورٹ بلکہ زندگی کے تمام اشیاء خورونوش اور دیگر اشیاء پر سبسڈی دی جائے تاکہ وہ سکون سے زندگی گزر بسر کر سکے۔

مہنگی روٹی فرخت نہیں کرنا چاہتے لیکن ہماری بھی معاشی مجبوریاں ہیں، نعیم خلجی

کوئٹہ (آن لائن) تندور ایسوسی ایشن کے رہنماء دوسرے بھی احتجاجی کیمپ میں اپنے مطالبات کے حق میں بیٹھے رہے۔ چیئرمین محمد نعیم خلجی نے کہا کہ پاکستان میں جو نرخنامہ سے تجزیہ کے مطابق ہمیں نرخ دیا جائے مجسٹریٹس چھٹی کے دن بھی تندوروں پر چھاپے لگا کر لوگوں کو اٹھاتے ہیں 30 سے ایک لاکھ روپے تک بغیر رسید کے جرمانے کرتے ہیں جو کہ غیر قانونی اور ہمارے ساتھ ظلم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اعتماد میں لئے بغیر فیصلے کیے جا رہے ہیں جس کی وجہ سے مسائل جنم لے رہے ہیں اس مہنگائی کے دور میں تمام چیزوں کی قیمتیں آسمان تک پہنچ چکی ہے اگر آٹا سستا ہوا ہے لیبر، گیس اور کرایہ کے اخراجات بھی ہمیں ادا کرنا ہوتے ہیں۔ گیس کی قلت اور لوڈ شیڈنگ کے باعث مہنگے داموں سلنڈر استعمال کرتے ہیں۔ ان تمام کا تجزیہ کر کے ریٹ دیا جائے۔ ہم بھی اس ملک کے شہری اور معاشرے کا حصہ ہیں ہم نہیں چاہتے ہیں کہ عوام مہنگی روٹی خریدیں لیکن ہماری بھی معاشی مجبوریاں ہیں جنہیں ہم نے پوری کرنی ہوتی ہے اور اپنے بچوں کا گزر بسر کرتے ہیں تاکہ گھروں کے چولہے ٹھنڈے نہ پڑ جائے۔ اس مہنگائی کے دور میں کئی لوگوں کو روزگار دے رکھے ہیں جس کے باعث ان کا گھر چلتا ہے۔ انتظامیہ کو چاہئے کہ ہمارے مطالبات منظور کر کے تجزیہ کر کے ریٹ دیا جائے تاکہ مسائل خوش اسلوبی سے حل ہو سکے۔

پاک سرزمین کی حفاظت کے لئے عوام سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں، طارق جعفری

کوئٹہ (آن لائن) نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے ترجمان لسان تحریک طارق جعفری کے مطابق سربراہ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ علامہ آغا سید حسین مقدسی کے اعلان پر آج ملک بھر کی طرح صوبہ بلوچستان میں بھی یوم عزم دفاع پاکستان ملی جوش و جذبے اور اس عزم کی تجدید و توثیق کے ساتھ منایا گیا کہ پاک سرزمین کی حفاظت کے لئے پچیس کروڑ عوام سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔ صوبہ بلوچستان میں یوم عزم دفاع پاکستان کے موقع پر ریلیوں سیمیناروں اور کانفرنسوں کا انعقاد کے موقع پر شرکا نے متفقہ طور پر قراردادیں منظور کی آج مکار دشمن نے گھناؤنے منصوبے کے تحت ایک مرتبہ پھر ارض وطن پر حملے کی گیدڑ بھبکی مار کر چھپے جوانوں کی غیرت کو للکارا ہے، ناپاک اور بزدل دشمن کرائے کے ہتھیاروں کے زور پر اتراتا ہوا شوخیاں مار رہا ہے اسے معلوم ہونا چاہیے کہ جنگیں ہتھیاروں سے نہیں جذبوں سے لڑی جاتی ہیں جو فقط نشان حیدر کی متمنی پاک فوج کا خاصہ ہے۔ صوبہ بھر میں منعقد ہونے والے پروگراموں میں سنی شیعہ اہل وطن مل کر عہد کیا کہ ہم شیر خدا حیدر کرار کے حیدار ہیں، ہم شجاعت حسنیہ اور حسینہ کی تاریخ رکھنے والے، وفائے حضرت عباس علمدار کے پیروار یزیدی طاغوت شکن عقار آل محمد کی دلیری و جوانمردی کے وارث ہیں۔

لیویز میزی اڈہ کی کارروائی، اشتہاری ملزم گرفتار کر لیا

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض داؤد کی ہدایت پر رسالدار عمر خان کاکڑ کی زیر نگرانی لیویز فورس میزی اڈہ کی کامیاب کارروائی، اشتہاری ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ کارروائی کے دوران اشتہاری ملزم حزب اللہ ولد محمد اسلم اغا قوم سید، سکنہ برامزی سیدان کو حراست میں لے لیا گیا۔ ملزم سے ایک عدد کلاشنکوف، 26 عدد زندہ کارتوس، ایک عدد مسل، دو میگزین اور ایک عدد گاڑی برآمد کر لی گئی ہے۔ کامیاب آپریشن میں لیویز فورس کے اہلکاروں رسالدار حبیب اللہ، نایب رسالدار قربان، نور علی، احسان اللہ، دوفعدار محمد سلیم، عبداللہ دفعدار، ڈاکٹر سعد اللہ، عبدالمالک اور سمیع اللہ کاکڑ نے بھرپور حصہ لیا۔ مزید تفتیش جاری ہے

مولوی غلام نبی کے والد کی فاتحہ خوانی کوئٹہ میں آج عالمو چوک اتحاد کالونی کی مسجد میں لی جائے گی

کوئٹہ (پ ر) مولوی غلام نبی کے والد کی فاتحہ خوانی کوئٹہ میں کل بروز پیر ایک دن کیلئے عالمو چوک اتحاد کالونی کی مسجد میں لی جائے گی۔

وفاقی حکومت مزدوروں کی معاشی حالت بہتر بنانے کیلئے کوشاں ہے، چوہدری نعیم کریم

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر محنت کشوں کو بنیادی حقوق کے لئے جرات مندانہ اور قابل تعریف جدوجہد پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن نہ صرف محنت کشوں کی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے بلکہ قومی ترقی اور خوشحالی میں ان کے کردار کے اعتراف کی عکاسی بھی کرتا ہے اس دن کو منانے کا مقصد پوری دنیا بشمول پاکستان کے مزدوروں کے لئے حق کی آواز بلند کرنا ہے۔ عالمی یوم مزدور کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ شکاگو کے محنت کشوں نے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے دنیا بھر کے مزدور تحریکوں میں تاریخی باب رقم کیا جو آج ان عظیم انسانوں کی قربانیوں کے بدولت محنت کشوں کا سر فخر سے بلند ہے۔

تحریک لبیک کے رہنماؤں کا علامہ سیف اللہ کے فرزند ممتاز قادری کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (اے این این) تحریک لبیک پاکستان صوبائی ڈویژن کے رہنماء مفتی وزیر احمد رضوی، الٰہی بخش نورانی، حاجی طارق محمود عباسی، حاجی محمد ظریف، حافظ شاہجہان بنگلزئی، فہیم سلطانی نے تحریک لبیک قلات ڈویژن کے امیر علامہ سیف اللہ کے فرزند ممتاز قادری کے انتقال پر تعزیت پیش کرتے ہوئے کہا کہ تمام صوبائی اراکین و کوئٹہ ڈویژن کا بینہ طرف سے علامہ سیف اللہ کے بیٹے سے انتقال کر جانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور اس گہرا صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطاء فرمائے اور مرحوم کی روح کو سکون عطاء فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں علامہ سیف اللہ کے برابر کے شریک ہیں۔

صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ چائیز حکومت کی جانب سے سکول کے بچیوں کیلئے شروع کئے جانے والے (She power project) کے اختتامی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

کیسکو میں نئے ڈائریکٹر اور ڈی جی کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں، یونائیٹڈ لیبر فرنٹ

اگر مافیا کے دباؤ میں آ کر ٹرانسفر منسوخ ہوئے تو احتجاج کی راہ اپنائیں گے۔ ترجمان

کوئٹہ (پ ر) یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کیسکو بلوچستان کے ترجمان نے کیسکو میں ڈائریکٹر ایل۔ اینڈ ایل اور ڈی جی ایچ آر ایم کی ٹرانسفرز کو انتظامی معاملہ قرار دیتے ہوئے ان کا خیر مقدم کیا ہے اور انھوں نے امید ظاہر کی ہے کہ نئے ڈائریکٹر لیگل کیسکو کے قانونی معاملات کو احسن طریقے سے نبھائیں گے اور انتظامی امور کے قانونی معاملات میں جانبداری کا سدباب کریں گے اور جے ڈی جی ایچ آر ایم من کیسکو کے انتظامی معاملات کو غیر جانبداری اور ٹرانسفر مافیا کے مداخلت کے بغیر احسن طریقے سے نبھائیں گے ترجمان نے ٹرانسفر مافیا کے ان آرڈرز کیخلاف ادارے کے کام کو روکنے جلسے، جلوس، کرنے اور آرڈرز کی منسوخی کیلئے انتظامیہ پر مختلف طریقوں سے دباؤ ڈالنے پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا کہ کیسکو انتظامیہ نے اگر ٹرانسفر مافیا کے دباؤ میں آ کر ان آرڈرز کو منسوخ کیا یا ان میں کوئی تبدیلی کی یا انکے بدلے میں جی۔ ایس۔ او کے کسی ایکسین کے آرڈرز منسوخ کئے یا لیبر فرنٹ کے کسی عہدیدار کی ٹرانسفر کی تو لیبر فرنٹ ہر سطح پر احتجاج سمیت تمام آپشنز استعمال کریگی۔ ترجمان نے مطالبہ کیا کہ ٹرانسفر مافیا کے انتظامیہ کو بلیک میل کرنے، ادارے کے کام بند کرنے اور انتظامیہ پر دباؤ ڈالنے کا نوٹس لیں اور کیسکو کو بچانے کیلئے اس مافیا کیخلاف قانونی کاروائی کریں تاکہ ادارے کو نجکاری سے بچانے کیساتھ ساتھ صارفین کی خدمت اور ادارے میں انتظامی معاملات کو بہتر کرنے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔

کوئٹہ، بی این آر اے کے فوکل پرسن میر علی احمد ابا بکی، ارمان خان اچکزئی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

منشیات کا بڑھتا استعمال سنگین قومی المیہ بن چکا ہے، علی احمد ابا بکی

نوجوانوں کا مستقبل تباہ اور معاشرتی ڈھانچہ کھوکھلا ہو رہا ہے، فوکل پرسن بی این آر اے

معاشی بدحالی، ذہنی دباؤ، والدین کی عدم توجہی، بے راہ روی، باآسانی دستیابی بڑھی وجوہات ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پرائیویٹ رجسٹریشن اتھارٹی کے فوکل پرسن میر علی احمد ابا بکی نے کہا ہے کہ منشیات کا استعمال ایک معمولی سماجی مسئلہ نہیں بلکہ ایک سنگین قومی المیہ بن چکا ہے۔ منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے جس سے نوجوانوں کا مستقبل تباہ اور معاشرتی ڈھانچے کو کھلا کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر ارمان اچکزئی، محمد اشرف، ثناء اللہ، الطاف سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کے استعمال کی بہت سی وجوہات ہیں معاشی بدحالی، بے روزگاری، ذہنی دباؤ، والدین کی عدم توجہی، سماجی بے راہ روی اور آسانی سے دستیابی شامل ہیں۔ منشیات کی لعنت صرف ایک فرد کو ہی نہیں بلکہ خاندان اور سماج کو متاثر کرتی ہے جس سے والدین کا سکون، بہن بھائیوں کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ جاتی ہے۔ اس حوالے سے ہم نے ڈرگ فری کوئٹہ مہم کا آغاز کیا ہے اور صوبائی حکومت نے منشیات کے خلاف ایک منظم سنجیدہ اور ہمہ گیر آپریشن شروع کیا ہے۔ اس آپریشن میں بلوچستان بھر سے منشیات کے عادی افراد کو شناخت کر کے رجسٹر، بحالی مراکز تک پہنچایا جا رہا ہے جہاں ان کا باقاعدہ طبی معائنہ بلڈ ٹیسٹ، ڈی ٹاکسیفکیشن ادویاتی علاج ماہرین نفسیات کی نگرانی میں کونسلنگ سیشنز اور بحالی کے تمام جدید مراحل مکمل کروائے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر فراز بگٹی کی ذاتی دلچسپی سے اور ڈی جی قربان علی مگسی، سیکرٹری عصمت اللہ قریشی، ڈائریکٹر حنیف رند اس مہم کی نگرانی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے لیکن بحالی مراکز خصوصاً فعال اور معیاری ادارے کم ہیں جس کی وجہ سے منشیات کے عادی افراد علاج کے بغیر زندگی گزار رہے ہیں۔

پروفیسر ساجد میر کی وفات عالم اسلام کا ناقابل تلافی نقصان ہے، ملک سکندر خان

جنرل سیکرٹری جمعیت علما اسلام بلوچستان کا جمعیت اہل حدیث کے سربراہ کی وفات پر اظہار افسوس

کوئٹہ (پ ر) پروفیسر ساجد میر کی وفات عالم اسلام کا ناقابل تلافی نقصان ہے پروفیسر ساجد میر اعتدال پسند رہنماء، جمہوری اقدار کے عالم بردار تھے۔ ہمیشہ وطن عزیز میں شعائر اسلام کے حوالے سے ہر تحریک میں اہم کردار ادا کیا۔ اللہ کریم مرحوم کو اعلیٰ علیین میں مقام عطاء فرمائے۔ جمعیت اہل حدیث کی پوری قیادت اور تمام غمزدہ کارکنوں سے تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ اللہ کریم اہل خانہ کو صبر جمیل دے،

صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ چائیز حکومت کی جانب سے سکول کے بچیوں کیلئے شروع کئے جانے والے (She power project) کی اختتامی تقریب میں محکمہ تعلیم کے ڈپٹی ڈائریکٹر منیر احمد نوریزئی کو شیلڈ دے رہی ہیں

دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں، جمعیت اہل حدیث بلوچستان

نوجوانوں کو عقیدے اور صالح عمل کی طرف لانا ضروری ہے، قاری عبدالبصیر

کوئٹہ (اے این این) جمعیت اہل حدیث بلوچستان کے امیر قاری عبدالبصیر نے کہا ہے کہ دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں، جہاں سے فکری اور روحانی انقلاب کی بنیادیں رکھی جاتی ہیں، نوجوانوں کو عقیدے اور صالح عمل کی طرف لانا وقت کی ضرورت ہے، جمعیت اہل حدیث قرآن و سنت کی دعوت پر یقین رکھتی ہے، اور ہمارا مقصد محض چند مخصوص مسائل نہیں، بلکہ پورے معاشرے میں دینی بیداری پیدا کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شمولیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب سے محمد شفیق خان خروٹی، مولانا عبدالقدوس، مولانا گل خان، مولانا نقیب اللہ، مولانا رمضان، مولانا غلام اللہ، مفتی ڈاکٹر عبدالجلیل، مولانا محمد طاہر، قاری نصیب اللہ، حاجی عبدالعزیز، ڈاکٹر عبداللہ عابد، ماسٹر سراج الدین اور دیگر نے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ جمعیت اہل حدیث قرآن و سنت کی دعوت پر یقین رکھتی ہے، اور ہمارا مقصد محض چند مخصوص مسائل نہیں، بلکہ پورے معاشرے میں دینی بیداری پیدا کرنا ہے۔ ہم اصلاح عقیدہ، تزکیہ نفس، فکری رہنمائی اور عملی تربیت کے ذریعے معاشرے کو سنوارنے کے لیے کوشاں ہیں۔ بلوچستان جیسے قبائلی و جغرافیائی لحاظ سے متنوع خطے میں اتحاد، اخوت اور فہم دین کی اشد ضرورت ہے۔ ہم مسلکی تعصبات سے بالاتر ہو کر امت مسلمہ کو ایک صف میں لانا چاہتے ہیں، تاکہ نوجوان نسل د

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و جب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ملک بھر میں مہنگائی کی شرح کم کرنے کیلئے حکمت عملی خوش آئند ہے، سینیٹر عبدالقادر

بجلی کے نرخ میں 7 روپے 14 پیسے فی یونٹ کمی سے آئندہ مہینوں میں مہنگائی کی شرح منفی میں بھی جا سکتی ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

اہم شعبوں میں بھی کمی کی سلسلہ جاری، انرا سپریم ٹیشن میں 3.91 فیصد کی آئی، مہنگائی کی شرح کم ہو کر 0.28 فیصد پر آ گئی، اطہار رخیال

کوئٹہ (این این) حکومت کی جانب سے بجلی کے نرخ میں 7 روپے 14 پیسے فی یونٹ کمی سے آئندہ مہینوں میں مہنگائی منفی میں بھی جا سکتی ہے باں جو مارچ میں 0.7 فیصد کمی ہو کر شرح 0.28 فیصد پر آ گئی ہے

دوفی پیداوار نیشنل عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان میں سالانہ مہنگائی کی شرح اپریل میں مسلسل پہلے مہینے کم ہو کر 0.28 فیصد پر آ گئی ہے جو مارچ میں 0.7 فیصد کمی ہے تو شرح چھ دہائیوں کی کم

کوئٹہ: مشرق بائی پاس سڑک کے ایک طرف مکمل طور پر کچرے اور نالی کے گندے پانی سے بند ہو گیا ہے

اسلام آباد 380 عالمی شہروں میں 93 ویں نمبر پر آ گیا

پولیس میں تاریخی اصلاحات اور اہم اقدامات اسلام آباد محفوظ شہر بن گیا

اسلام آباد (زاہد الرحمان) آئی جی اسلام آباد عامر ضیاء نے کہا ہے کہ اسلام آباد پولیس میں تاریخی اصلاحات اور اہم اقدامات ہوئے ہیں، شہریوں اور کرائم فائٹنگ کی بہترین کارکردگی کے نتیجہ میں اسلام آباد 2025 کے پہلے سال 2024 کے مقابلے میں 20 فیصد کمی واقع ہوئی۔ وفاقی دارالحکومت 93 ویں مجموعی شہر قرار پائے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس اسلام آباد میں 22 اپریل 2024 کو چارج سنبھالنے کے بعد ایک سال کے عرصہ میں اسلام آباد پولیس میں تاریخی اصلاحات اور اہم اقدامات کئے، جن کی بدولت وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو دنیا کے محفوظ ترین شہروں میں شامل کروایا گیا جو پہلے تاریخ میں نہ ہونے کے برابر تھا۔ عالمی سطح پر اسلام آباد 380 عالمی شہروں میں 93 ویں نمبر پر آ گیا ہے جس سے ہمارے ملک کا نام دنیا میں بہتر ہوا ہے کہ گزشتہ روز بائی پاس کے حوالے سے قرارداد کی منظوری خوش آئند ہے امید ہے کہ آنے والے بجٹ میں بائی پاس کی تعمیر کیلئے فنڈز مختص ہو جائیں گے

ڈوب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنیکے ضلع میں عوام کیلئے صحت اور تعلیم کے حوالے سے مسائل کی شدید کمی ہے

ڈوب (اے این این) بحیثیت مجموعی اعلیٰ حکام کے زیر سوچ ایک اعلیٰ سطحی کانفرنس منعقد کیا گیا ہے کہ ضلع ڈوب میں بائی پاس ایک ایسا منصوبہ ہے جس سے بائی پاس کے گاؤں میں رہنے والے شہریوں کو ٹریفک کا سامنا درپیش ہے جس سے ٹریفک کا شدید رش ہر وقت ہوتا ہے کہ گزشتہ روز بائی پاس کے حوالے سے قرارداد کی منظوری خوش آئند ہے امید ہے کہ آنے والے بجٹ میں بائی پاس کے لئے فنڈز مختص ہو جائیں تاکہ ڈوب کے عوام کا ٹریفک کا مسئلہ حل ہو سکے، ڈوب کے عوام کو سہولت ملے، ڈوب کے عوام کو سہولت ملنے کے لئے ڈوب کے عوام کو سہولت ملنے کے لئے ڈوب کے عوام کو سہولت ملنے کے لئے

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر: پروفیسر ڈاکٹر محمد ہمایوں کامران ممتاز، ایم ایم (مینیجمنٹ) ایڈیٹر کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-14 ماڈل ٹاؤن سائٹ ماڈل ٹاؤن لاہور سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر: 2830228-2835934..2829164-2821538 فیکس نمبر: 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 5 مئی 2025ء

بھارت کی روایتی ہٹ دھرمی، جنوبی ایشیا کا امن و استحکام مسلسل خطرے میں!!

وزیراعظم شہباز شریف اور ملائیشیا کے وزیراعظم انوار ابراہیم کے مابین اتوار کو ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس کے دوران وزیراعظم نے پہلگام واقعے کے بعد رونما ہونے کے اشتعال انگیز رویے کے نتیجے میں جنوبی ایشیا میں موجودہ کشیدگی پر پاکستان کی شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس واقعے کے پس پردہ حقائق کا پوشیدہ کے لیے بین الاقوامی، شفاف، معتبر اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے ایک باوقار پلیٹ فارم کی پیشکش کی۔ وزیراعظم نے قومی اسمبلی کا اجلاس آج شام پانچ بجے طلب کیا ہے جس میں پاک بھارت کشیدگی اور خطے کے حالات زیر بحث آئیں گے اجلاس میں پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد پاک بھارت کشیدگی کی صورتحال پر بحث کی جائے گی، اور قومی اسمبلی میں موجود تمام نمائندے حکومت کو لائحہ عمل بنانے کے لئے تجاویز پیش کریں گے۔ پاکستان نے باضابطہ طور پر خطے کی تازہ ترین صورتحال پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو بریفنگ دینے کا فیصلہ کیا ہے اور اس ضمن میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندے کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا اجلاس بلانے کے لئے ضروری اقدامات کی ہدایت کی ہے بھارت کی جانب سے شدید بوکھلاہٹ کے مظاہرے کے بعد دیگر سے جاری ہیں اور وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے حملے کا خطرہ کم نہیں ہوا ہے، وجہ یہ ہے کہ بھارت کی جانب سے جاری بے شمار اشتعال انگیز بیانات اس کا ہمیشہ کا فرمانا ہے بھارت کی ہٹ دھرمی اس کا ہمیشہ اور روز اول سے وتیرہ رہا ہے اس کے باعث نہ صرف پورے جنوبی ایشیا کا امن و استحکام خطرے میں ہے۔ پاکستان اور بھارت کے مابین تعلقات بہتر اتار چڑھاؤ کا شکار رہے ہیں تاہم حالیہ برسوں میں کشیدگی میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ اس صورتحال میں، یہ ضروری ہے کہ ایک غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے اور یہ واضح کیا جائے کہ پاکستان نے ہمیشہ ایک پرامن اور ذمہ دار ریاست کا کردار ادا کیا ہے، جبکہ بھارت کی جانب سے دہشت ہٹ دھرمی اور امن دشمنی کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے پاکستان نے اپنی بقاء سے لے کر خطے میں امن و استحکام کے لئے اپنی کمٹمنٹ کا اظہار کیا ہے۔ مختلف ادوار میں پاکستانی قیادت نے بھارت کے ساتھ مسائل کے پرامن حل کے لئے ڈائرکٹ کی پیشکش کی ہے اور اعتماد سازی کے اقدامات پر زور دیا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ بین الاقوامی فورمز پر کشمیر سمیت تمام باہمی تنازعات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی وکالت کی ہے۔ اس کے برعکس، بھارت کی جانب سے مسلسل ان کوششوں کو نظر انداز کیا گیا ہے اور یکطرفہ اقدامات کے ذریعے صورتحال کو مزید بگاڑنے کی کوشش کی گئی ہے پاکستان نے خطے میں امن کے قیام کے لئے مذاکرات کی دعوت آج ہی نہیں پہلے بھی تسلسل سے دی جاتی رہی ہے اس میں کشمیر کا مسئلہ سرفہرست رہا ہے دونوں ممالک کے مابین غلط فہمیوں کو دور کرنے اور تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے پاکستان نے مختلف اعتماد سازی کے اقدامات کی حمایت کی ہے۔ ان میں سرحدی رابطوں کو بڑھانا، ثقافتی تبادلوں کا انعقاد اور معلومات کے تبادلے کو فروغ دینا شامل رہا ہے پاکستان نے سکھ یاتریوں کیلئے کرتار پور راہداری کھول کر مذہبی ہم آہنگی اور امن کا ایک واضح پیغام دیا ہے جنہ عالمی سطح پر سراہا جا رہا ہے پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور اس کے خلاف جنگ میں عالمی برادری کے ساتھ ہم پرتعاون کیا ہے۔ پاکستان نے اپنی سرزمین کو کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہ ہونے دینے کے عزم کا بارہا اظہار بارہا کیا ہے اور اس پر عمل بھی کیا ہے مگر بھارت کی جانب سے ہر مہینے اور ہر ہفتے دونوں ممالک کے مابین فائر بندی کی خلاف ورزی کی جاتی رہی ہے اور اس میں کشمیر کا مسئلہ سرفہرست رہا ہے دونوں ممالک کے مابین غلط فہمیوں کو دور کرنے اور تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے پاکستان نے مختلف اعتماد سازی کے اقدامات کی حمایت کی ہے۔ ان میں سرحدی رابطوں کو بڑھانا، ثقافتی تبادلوں کا انعقاد اور معلومات کے تبادلے کو فروغ دینا شامل رہا ہے پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور اس کے خلاف جنگ میں عالمی برادری کے ساتھ ہم پرتعاون کیا ہے۔ پاکستان نے اپنی سرزمین کو کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہ ہونے دینے کے عزم کا بارہا اظہار بارہا کیا ہے اور اس پر عمل بھی کیا ہے مگر بھارت کی جانب سے ہر مہینے اور ہر ہفتے دونوں ممالک کے مابین فائر بندی کی خلاف ورزی کی جاتی رہی ہے اس میں کشمیر کا مسئلہ سرفہرست رہا ہے اور دونوں ممالک کے مابین غلط فہمیوں کو دور کرنے اور تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے پاکستان نے مختلف اعتماد سازی کے اقدامات کی حمایت کی ہے۔ ان میں سرحدی رابطوں کو بڑھانا، ثقافتی تبادلوں کا انعقاد اور معلومات کے تبادلے کو فروغ دینا شامل رہا ہے پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور اس کے خلاف جنگ میں عالمی برادری کے ساتھ ہم پرتعاون کیا ہے۔ پاکستان نے اپنی سرزمین کو کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہ ہونے دینے کے عزم کا بارہا اظہار بارہا کیا ہے اور اس پر عمل بھی کیا ہے مگر بھارت کی جانب سے سرحد پر اور بہت جگہ پر

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
ہدایت اور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
ہدایت 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
ہدایت غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
ہدایت اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا پابند نہ ہوگا۔

تلاش گمشدہ

میرا ہنڈا موٹر سائیکل 125 انجن نمبر T578435 چیسز نمبر EC260659 کے اوچ کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر قریبی لیز بکس میں ڈال دیں
نمائندہ قلعہ عبداللہ.....

اطلاع عام

ایک عدد پلاٹ نمبر C.11 رقبہ 1750 اسکوئر میٹر جو کہ اس وقت شہزادہ ولد عبدالمجید کے نام ہے اب یہ پلاٹ نیاز محمد ولد عبدالمجید کو ٹرانسفر ہونا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر محکمہ انڈسٹریز اینڈ کامرس اسٹیٹ برانچ سرکی روڈ کوئٹہ سے رابطہ کریں
R.No.....61282

ضرورت میل ٹیچر

نور حیات ماڈل سکول کاکڑ کالونی خوشحال روڈ کوئٹہ ایک معروف ادارے کو ریاضی، کیمسٹری، بائیولوجی، سائنس اور انگریزی پڑھانے کے لئے میل ٹیچرز کی ضرورت ہے خواہشمند حضرات رابطہ کریں رابطہ نمبر 03218008490
R.No.....61277

گمشدگی سروس بک

میرا سروس بک جاری کردہ محکمہ زراعت بنام شبیر ولد سرور میزان چوک پر کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03108237895 پر مطلع کریں
R.No.....61284

"بلوچستان میں ترقی کا نیا سفر": کیا یہ باب اپنی منزل طے کر پائے گا؟

تحریر: محمد عاصم خان

کچھ دن پہلے جب میں بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں کے بارے میں تحقیق کر رہا تھا، تو ایک منصوبہ میرے سامنے آیا جس نے میری توجہ کھینچ لی۔ یوں تو ترقیاتی منصوبوں کی ایک طویل فہرست میرا مشاہدہ رہی ہے، مگر یہ منصوبہ اپنے تصور اور وسعت میں کچھ مختلف دکھائی دیا۔ مجھے یاد ہے کہ 2022 کی غیر معمولی مون سون بارشوں سے اٹھنے والے سیلاب نے میدانوں کو نگل لیا تھا، تو کتنی بستیاں، کتنے کھیت اور کتنے خواب پانی میں بہہ گئے تھے۔ وہ ایک المیہ تھا جس نے بلوچستان کی بنیادی کمزوریوں کو کھول کر رکھ دیا، اور یہ ثابت کر دیا کہ وقتی امداد اور نجی محض زخموں پر مرہم رکھنے کا عارضی ذریعہ ہیں، اصل ضرورت اس نظام کی ہے جو خطرے کو آنے سے پہلے بھانپ سکے اور بروقت ردعمل کے قابل ہو۔ ماضی میں ہمیشہ سے بلوچستان کے لیے موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کی سنجیدہ منصوبہ بندی کا فقدان رہا ہے۔ کہیں سیاسی عدم توجہی، کہیں وسائل کی کمی، اور کہیں پسماندہ علاقوں کی ترجیحات کو نظر انداز کیا جانا ان عوامل میں شامل رہا۔ مگر اب، جب میں نے موجودہ حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے اس نئے منصوبے کا جائزہ لیا تو مجھے محسوس ہوا کہ شاید ہم ایک سنجیدہ اور بہتر تبدیلی کی دہلیز پر کھڑے ہیں۔ یہ منصوبہ جس کا نام "منصوبہ برائے بحالی سیلاب زدگان" (IFRAP) ہے محض بحالی کا نہیں بلکہ مستقبل کی حفاظت کا ایک سوچا سمجھا قدم معلوم ہوتا ہے۔ اس منصوبے کا ایک حصہ متاثرہ سڑکوں، پلوں اور دیگر بنیادی ضروریات کی بحالی پر مرکوز ہے تاکہ دور دراز علاقوں کو شہروں سے جوڑا جا سکے اور بنیادی سہولیات تک آسان رسائی ممکن ہو۔ ساتھ ہی زرعی زمینوں، بندوں اور نہری نظام کی بحالی بھی شامل ہے تاکہ کسانوں کو دوبارہ اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کا موقع ملے اور فصلوں کو تحفظ حاصل ہو۔ دوسرا حصہ وہ ہے جس میں موسمیاتی خطرات سے بروقت نمٹنے کے لیے موسمیاتی پیشگوئی کے نظام کو جدید تقاضوں کے مطابق بہتر کیا جا رہا ہے، تاکہ درست اور مؤثر معلومات کی فراہمی کے ذریعے فوری اور مربوط ردعمل کو ممکن بنایا جا سکے۔ پھر ایک حصہ گھروں کی بحالی پر بھی مبنی ہے، جہاں ہزاروں متاثرہ خاندانوں کو ماحولیاتی خطرات سے محفوظ گھروں کی تعمیر کے لیے مالی معاونت اور تکنیکی رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے۔ منصوبے کی وسعت کو دیکھ کر میں حیران رہ گیا۔ معلوم ہوا کہ اس منصوبے کے تحت ایک لاکھ سے زائد چھوٹے منصوبوں کے ذریعے 32 اضلاع میں 27 لاکھ افراد کو براہ راست فائدہ پہنچانے کا ہدف ہے۔ اب ایک صحافی ہونے کے ناطے، محض اعداد و شمار پر اعتماد کر لینا آسان نہیں، اور جب بات ایک لاکھ سے زائد چھوٹے منصوبوں کی ہو تو شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کے سوالات خود بخود ذہن میں جنم لیتے ہیں۔ اسی تجسس کے تحت جب مزید تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ منصوبے کے انتظامی ڈھانچے کو خاصی باریک بینی سے تشکیل دیا گیا ہے۔ وفاقی سطح پر ایک فیڈرل پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ تمام سرگرمیوں کی نگرانی کر رہا ہے، جب کہ صوبائی سطح پر ہر حصہ کے لیے الگ الگ عملی یونٹس کام کر رہے ہیں تاکہ منصوبے کا دائرہ کار وسیع ہونے کے باوجود اس کی گرفت مضبوط رہے۔ جب میں نے گھروں کی تعمیر نو کے طریقہ کار کا جائزہ لیا تو خوشی ہوئی یہ جان کر کہ اس بار کام محض ٹھیکیداروں کے ذریعے گھر تیار کرنے تک محدود نہیں بلکہ ایک خودمختاری کا ماڈل اپنایا گیا ہے جس میں متاثرہ خاندان خود اپنے گھروں کی تعمیر کی قیادت کر رہے ہیں۔ ہر مستحق خاندان کی باقاعدہ تصدیق کے بعد ان کے نام پر بینک اکاؤنٹس کھولے جاتے ہیں اور افراپ کی جانب سے امدادی رقوم صرف انہی اکاؤنٹس میں ہی منتقل کی جاتی ہیں جس سے متاثرہ خاندان اپنا گھر خود تعمیر کرینگے۔ یہ منفرد ماڈل شفافیت کو یقینی بنانے کی ایک سنجیدہ کوشش معلوم ہوتی ہے۔ منصوبے کی تفصیلات سے یہ بھی عیاں ہوتا ہے کہ یہ اقدام محض ایک وقتی ریلیف نہیں بلکہ ایک طویل المدتی منظم کا حصہ ہے، جس کا مقصد بلوچستان کو ماحولیاتی تبدیلیوں کے پیش نظر مشکلات کے مقابلے کے لیے تیار کرنا ہے۔ تاہم یہ سوال اپنی جگہ برقرار ہے کہ کیا واقعی اتنے وسیع پیمانے پر منصوبوں کو معیاری اور شفاف انداز میں مکمل کیا جا سکے گا؟ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ صرف وقت ہی بتائے گا۔ جو چیز بلاشبہ قابل ستائش ہے وہ یہ کہ اس منصوبے میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے تمام سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کر صرف عوام کی بہتری کو سامنے رکھا ہے۔ یہ اس یکجہتی کا مظہر ہے جس کی ماضی میں ہمیں ہمیشہ کمی محسوس ہوتی رہی۔ آج وزارت منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات کی قیادت میں وفاقی حکومت، حکومت بلوچستان اور عالمی بینک ایک ہی صفحے پر کھڑے ہو کر بلوچستان کے لیے ایک روشن پر امن مستقبل کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ "اڑان پاکستان" پروگرام سے منسلک اس منصوبے کے ذریعے بلوچستان کے مستقبل کو محفوظ بنانے کی یہ کوشش یقیناً ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ مگر بلوچستان کا روشن مستقبل اسی صورت ممکن ہے جب یہ یکجہتی برقرار رہے، منصوبے نیک نیتی سے مکمل ہوں اور مقامی آبادی کو ان کا حقیقی حصہ دار بنایا جائے۔ قدرتی آفات کا مقابلہ الفاظ یا وقتی جوش سے نہیں، بلکہ بروقت تیاری، پائیدار حکمت عملیوں اور اجتماعی عزم سے کیا جا سکتا ہے۔ امید ہے کہ یہ کوشش محض ایک منصوبہ نہ بنے، بلکہ بلوچستان کے لیے ایک مستقل تبدیلی کی ابتدا ثابت ہو۔

سینیٹر دنیش کمار ہنگلاج ماتا مندر میں سالانہ میلے کے موقع پر یاتریوں سے خطاب کر رہے ہیں

اوستہ محمد، گورنمنٹ کنٹریکٹرز کا احتجاج بدستور جاری

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) گورنمنٹ کنٹریکٹرز کا ایکسین پی اینڈ آر (روڈز) اوستہ محمد کے خلاف تیسرے روز بھی بڑتالی کیمپ میں احتجاجی دھرنا جاری رہا، ارشاد احمد ابڑو، میر عبدالسلام جمالی و دیگر نے پی اینڈ آر (روڈز) اوستہ محمد میں ہونے والے ٹینڈرز میں ایکسین پی اینڈ آر کی جانب سے اپنے من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کے خلاف ایکسین پی اینڈ آر کے دفتر کے باہر احتجاجی کیمپ تیسرے روز بھی جاری ہے

30 مارچ سے تاحال 50 ہزار سے زائد مہاجرین کو رخصت کر چکے ہیں، ڈی سی چمن

بلوچستان کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے تقریباً 51 ہزار افغان شہریوں کا بایومیٹریک کرانے کے بعد انہیں سرحد پار رخصت کیا گیا ہے

سرحد پر قائم ہولڈنگ کیمپ میں خوراک، پانی اور طبی سہولیات سمیت افغان مہاجرین کو جملہ سہولیات فراہم کی گئی ہیں، کارروائیاں جاری رہیں گی

چمن (محمد اصغر اچکزئی) ملک بھر میں غیر قانونی طور پر مقیم پچاس ہزار سے زائد افغان مہاجرین کو پاک افغان سرحد پر باڈر پار کرا دیا گیا۔ چمن سرحد پر قائم ہولڈنگ کیمپ میں افغان باشندوں تمام تر سہولیات فراہم کی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر حبیب بنگلزئی تفصیلات کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم کے خلاف حکومتی ڈیڈلائن 30 مارچ تک پورا ہونے کے بعد ڈپٹی کمشنر حبیب بنگلزئی کے مطابق یکم اپریل سے اب تک سندھ اور بلوچستان کے مختلف علاقوں تقریباً 51 ہزار افغان شہری چمن ہولڈنگ کیمپ کیمپ میں بایو میٹریک کرانے کے بعد افغانستان بھیج دیے گئے انھوں نے بتایا کہ ضلع چمن اور قلعہ عبداللہ میں بھی غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف آپریشن جاری ہے چمن پاک افغان سرحد پر قائم ہولڈنگ کیمپ میں افغان مہاجرین کے لئے ہر قسم کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں خوراک پانی اور طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں

قلات، متحارب قبائل کے مابین تصفیہ، فریقین باہم شیر و شکر

تصفیہ کا جرگہ واحد ثالث ملک بابل محمد حسنی کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا

دونوں فریقین کے رہنماؤں اور دیگر قبائلی عمائدین نے شرکت کی

قلات (آن لائن) ساسولی و محمد حسنی قبائل کے تنازعہ کا تصفیہ، فریقین شیر و شکر ہو گئے تفصیلات کے مطابق قبائلی رہنما ملک بابل محمد حسنی نے ساسولی اور محمد حسنی قبائل کے ایک شاخ کے مابین دیرینہ قبائلی تنازعہ کے تصفیہ کا جرگہ واحد ثالث ملک بابل محمد حسنی کی رہائش گاہ پر محمد حسنی باس قلات میں منعقد ہوا جہاں دونوں فریقین کے رہنماں اور دیگر قبائلی عمائدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر تنازعہ کا فیصلہ سنایا گیا جسے دونوں فریقین نے من و عن تسلیم کیا اور دونوں قبائل کے عمائدین ایک دوسرے سے بغل گیر ہو کر شیر و شکر ہو گئے اس موقع پر سید حسین شاہ میر میر احمد خان ساسولی لکری قاسم مینگل صد محمد حسنی میر فتح قمرانی حاجی حنیف مینگل ملک حبیب محمد حسنی و دیگر قبائلی شخصیات کثیر تعداد میں موجود تھے ملک بابل محمد حسنی نے خطاب کرتے ہوئے کہاں عرصہ دراز سے اس دیرینہ تنازعہ کہ تصفیہ کے لیے کوششیں جاری تھی اور اب دونوں فریقین کی جانب سے تحریری طور پر مجھے بطور واحد ثالث تنازعہ کے تصفیہ کا مکمل اختیار دیا فریقین کا مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھ پر اعتماد کر کے فیصلے کا مکمل اختیار دیا اور اللہ کے فضل سے یہ دیرینہ اور پیچیدہ تنازعہ حل ہوا قبائلی تنازعات کو خوبی تصادم کی شکل اختیار کرنے سے پہلے ان کو قبائلی روایات کے تحت جرگے کے صورت حل کیا جائے جرگے کی تکمیل پر دعائے خیر کی گئی اور محمد حسنی ہاوس میں شرکا کے اعزاز میں ظہرانہ دیا

قلات، نیشنل پارٹی ضلع قلات کے انتخابات ملتوی کر دیے گئے

قلات (آن لائن) نیشنل پارٹی ضلع قلات کے انتخابات ملتوی کر دیے گئے نیشنل پارٹی ضلع قلات کے انتخابات جو کہ 4 مئی بروز اتوار قلات میں منعقد ہونے تھے، ناگزیر وجوہات کی بنا پر ملتوی کر دیے گئے ہیں نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائیگا۔

حاجی گہور خان کے انتقال پر محمد آصف سنجرانی کی تعزیت

نوکنڈی (آن لائن) خان پینل کے سربراہ خان محمد آصف خان سنجرانی نے اپنے تعزیتی پیغام میں خان پینل کے سینئر رہنما و قبائلی شخصیت حاجی گہوار خان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا انہوں نے کہا مرحوم حاجی گوار خان مندازئی کی انتقال کا سن کر دلی صدمہ پہنچا، مرحوم شہید حاجی گہور خان مندازئی انتہائی ملنسار شخصیت کے مالک تھے مرحوم کی انتقال سے نوکنڈی ایک خیر خواہ انسان سے محروم ہو گیا مرحوم کی علاقائی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا ہم انکے اہلخانہ کے اس غم میں برابر کے شریک ہیں اور شہید حاجی گہوار خان مندازئی قبائلی شخصیت مرحوم حاجی شاہ محمد مندازئی کے بیٹے اور خان پینل کے سی نیئر رہنماں حاجی محمد رمضان مندازئی، حاجی زمان مندازئی اور ایم پی اے چاغی کے فوکل پرسن برائے ماہنز اینڈ منرلز حاجی محمد حسن مندازئی کے بھائی تھے، ضلع چاغی ایک پرامن اور قبائل دوست ضلع ہے ضلع چاغی اس طرح کے واقعات کی متحمل نہیں ہو سکتا، ہم تمام قبائل کے تنازعات اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دلاتے ہیں، تاکہ اس طرح کے دلخراش واقعات رونما نہ ہو جس سے ہمارے نوجوانوں کے خون بہے۔ تمام برادر قبائل سے اپیل ہیں کہ علما کرام، سادات، قبائلی سرداروں اور معتبرین سے تعاون کرے

ماچھی پور، کھیلوں کے میدان بنیادی سہولت سے محروم

شہر میں جلد از جلد کرکٹ اور فٹبال گراؤنڈز فراہم کئے جائیں، عوامی مطالبہ

ماچھی پور (آن لائن) تحصیل ہیڈکوارٹر کا درجہ رکھنے والا، ہزاروں کی آبادی پر مشتمل ماچھی پور شہر، مقامی ضلعی اور صوبائی حکومتی اداروں کی عدم توجہ کے باعث گزشتہ کئی دہائیوں سے کھیلوں کے میدان کی بنیادی سہولت سے محروم ہے۔ شہر کے نوجوان اور بچے گلی محلوں اور سڑکوں پر کرکٹ سمیت دیگر کھیلوں کی سرگرمیاں جاری رکھنے پر مجبور ہیں۔ شہر کے عوامی سماجی، اور اسپورٹس حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ماچھی پور شہر میں جلد از جلد کرکٹ اور فٹبال گراؤنڈ فراہم کیا جائے۔ ضلع سبت پور کی تحصیل ماچھی پور جو کہ سب سے بڑا اور اہم تجارتی مرکز ہے، اتنی بڑی آبادی کے باوجود کئی دہائیوں سے کھیلوں کے میدان سے مکمل طور پر محروم ہے۔ ماچھی پور کے شہری، سماجی، اور اسپورٹس حلقوں نے ملک و قوم کے مستقبل اور نوجوان نسل کے لیے یہاں کھیلوں کے گراؤنڈ کی عدم دستیابی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بلوچستان حکومت اور حلقے سے منتخب ایم پی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ نوجوان نسل میں کھیلوں کی مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے فوری طور پر ماچھی پور میں کرکٹ اور فٹبال گراؤنڈ کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔

انٹرمیڈیٹ امتحانی مراکز میں سہولیات فراہم کی جائیں، ڈی سی نصیر آباد

مختلف امتحانی مراکز کا دورہ، امتحانی سرگرمیوں اور انتظامی اقدامات کا جائزہ لیا

نصیر آباد (ش ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبداللطیف کاکڑ نے ایف ایس سی کے امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے گرلز ہائی اسکول ڈیرہ مراد جمالی اور نور محمد میمنگل اسکول میں امتحانی سرگرمیوں اور انتظامی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران گرلز ہائی اسکول میں پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اسکول انتظامیہ کو ہدایت دی کہ شدید گرمی کے پیش نظر طلبہ کے لیے فوری طور پر پینے کے پانی کا بندوبست کیا جائے، تاکہ امتحانی عمل میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ امتحانی مراکز میں بہتر سہولیات کی فراہمی اور شفاف امتحانی ماحول یقینی بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ طلبہ کو ایک بہتر اور سہل ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔

اسرائیل مردہ باد جلسہ تاریخی سنگ میل ثابت ہوگا، ہیمن داس اجوانی

پاکستانی عوام مظلوم فلسطینی بھائیوں کے ساتھ یکجہتی کا پیغام دیں گے

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے سابق سینیٹر ہیمن داس اجوانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ 15 مئی کو کوئٹہ میں منعقد ہونے والا "اسرائیل مردہ باد" جلسہ ملکی تاریخ کا ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس جلسے سے جمعیت علماء اسلام کے قائد مولانا فضل الرحمان خصوصی خطاب کریں گے، جس میں دو امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز، فلسطینی عوام پر ہونے والے مظالم پر روشنی ڈالیں گے۔ ہیمن داس اجوانی نے کہا کہ ملک بھر سے کارکنان ایک بڑی تعداد جلسے میں شرکت کرے گی اور کوئٹہ کا یہ تاریخی اجتماع دنیا کو یہ پیغام دے گا کہ پاکستانی عوام مظلوم فلسطینی بھائیوں کے ساتھ ہیں اور اسرائیلی جارحیت کے خلاف یک زبان ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام کی تاریخ قربانیوں، جدوجہد اور اصولی مؤقف سے عبارت ہے، اور یہ جلسہ اسی تسلسل کا ایک عملی مظاہرہ ہوگا۔ انہوں نے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ 15 مئی کو بھرپور جوش و خروش کے ساتھ جلسے میں شرکت کریں اور اتحاد و یکجہتی کا عملی مظاہرہ پیش کریں تاکہ عالمی برادری کو ایک مضبوط پیغام دیا جا سکے۔

اوتھل، ہنگلاج ماتا مندر میلے میں یاتری مذہبی رسومات ادا کر رہے ہیں

خضدار میں جلد سیف سٹی پروجیکٹ کا آغاز ہوگا، ڈی سی

بلوچستان آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے ڈی سی کیساتھ مشاورت کی

مقصد جرائم کی روک تھام اور شہریوں کی حفاظت ہے، باہمی اتفاق

خضدار (پ ر) بلوچستان انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں خضدار سیف سٹی پروجیکٹ کے حوالے سے پلان مرتب کرنے پر مشاورت ہوئی۔ اس ملاقات میں طے پایا کہ آئی ٹی کی ٹیم ضلعی انتظامیہ خضدار کے ساتھ مل کر شہر کے مختلف مقامات پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرے گی۔ ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ خضدار میں سیف سٹی پروجیکٹ کا بنیادی مقصد جرم کی روک تھام اور شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔ اس منصوبے کے تحت سی سی ٹی وی کیمروں کی نصب سے مجرمان کی شناخت اور ان کی گرفتاری میں مدد ملے گی۔ ڈپٹی کمشنر خضدار نے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم کو یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ اس منصوبے میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی حفاظت حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس منصوبے کے تحت کئے جانے والے اقدامات اس مقصد کے حصول میں مددگار ثابت ہوں گے۔ آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے ڈپٹی کمشنر خضدار کو مطلع کیا کہ وہ شہر کے اہم مقامات پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرے گی۔ اس سے شہر میں جرم کی وارداتوں میں کمی اور شہریوں کی حفاظت میں اضافہ ہوگا۔

خضدار میں ناقص اشیاء خوردونوش کی بھرمار، عوام پریشان

شہر کی مارکیٹوں میں مضر صحت گھی، آٹا، چینی، مصالحہ جات سرعام فروخت ہو رہی ہیں

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار شہر کی مارکیٹوں میں دو نمبر خوردونوش اشیاء گھی آٹا چینی مصالحہ جات و دیگر کی کھلم کھلا خرید و فروخت ہو رہا ہے انکی ذمہ دار کون ہے دوسری جانب شہر میں منشیات کی کاروبار بڑھنا منشیات انسانیت کے لئے زہر قاتل ہیں جو نہ صرف ایک شخص اور خاندان کو متاثر کرتے ہیں بلکہ معاشرہ بھر کے بگاڑ کا بھی سبب بنتے ہیں، ان خیالات کا اظہار خضدار کے عوامی و سیاسی حلقوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ شہر بھر کی مارکیٹوں میں دو نمبر خوردونوش اشیاء کی کھلم کھلا خرید و فروخت جاری ہے ان کے ذمہ دار کون ہے خضدار شہر لاوارث بن چکا ہے مافیاز کا دن بدن بڑھنا انکی پشت پناہی کون کر رہے ہیں دوسری جانب طلباء اور نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی اثاثہ اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں کلیدی کردار کا حامل اور ہراول دستہ ہوتا ہے اور نوجوانوں کو منشیات کی لعنت سے بچانا نہ صرف والدین نہیں بلکہ ہماری اجتماعی معاشرہ کی ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کو منشیات کے استعمال میں اضافہ کے عوامل اور اس کے تدارک کے اسباب کے لئے مؤثر بنیادوں پر کام کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ نوجوان اگر 20 سال کی عمر تک منشیات سے محفوظ رہیں تو تین فیصد امکان ہے کہ بعد میں انہیں منشیات کی لت نہ پڑے گی منشیات کے عادی افراد کا اگر مناسب علاج کیا جائے تو وہ اس سے چھٹکارا پا سکتے ہیں تاہم معاشرے کے تمام سٹیک ہولڈرز کو ان پر توجہ دینا لازمی ہوگا عوامی و سیاسی حلقوں اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ خضدار میں منشیات سمیت دو نمبر خوردونوش اشیاء کی فوری روک تھام کیا جائے تاکہ یہاں لوگ موذی امراض سے نجات پا سکیں۔

میر محمد بلال عمرانی: نصیر آباد کے عوام کے لئے امید کی کرن

تحریر: عبدالرزاق بنگلزئی

بلوچستان کے گرین بیلٹ نصیر آباد میں جب سیاست کی بات کی جائے تو ہمیں چمکتا، دمکتا ہوا روشن ستارہ کی مانند نظر آئے گا میر محمد صادق عمرانی نے اپنی سیاسی جانشین اپنے قابل فرزند میر محمد بلال عمرانی کو پاکستان پیپلز پارٹی کے سیاسی میدان میں اتار کر سیاست کے تمام اونچ نیچ سے انہیں باخبر رکھ کر اپنے ہی نقش و قدم پر چلنے کی ترغیب دیکر ہمیشہ عوام کے درمیان میں رہنے کی تلقین کی ہے جب ہم سیاستدانوں کی سیاسی تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں تو میر بلال عمرانی کے ہم عمر اور ہم عصر سیاسی لوگ ہمیں بہت کم ملتے ہیں جو کہ اس نوجوانی اور کم عمری میں کھیل کود اور دنیا کے تمام عیش و عشرت کو ترک کر کے صرف ہی صرف عوامی مسائل کی حل کے لئے سرگرداں ہو ہم اپنے صحافیانہ انداز سے میر محمد بلال عمرانی کے بارے میں غیر جانبدارانہ تجزیہ پیش کرتے ہیں جانتے ہیں کہ میر محمد بلال عمرانی کے ہم عمر سیاستدان بہت ہی کم لوگ ملیں گے کیونکہ ہمارے سیاستدانوں کے سیاسی وارث اور جانشین اکثر بیشتر 40 یا 50 سال کے عمر سے ہی سیاست میں قدم رکھتے ہیں اور بہت سے سیاستدان ایسے بھی ہیں کہ اپنے سیاسی بزرگوں کے حیاتی میں بہت کم سیاست میں آکر عوام کے لئے وقت نکالے لیکن میر محمد بلال عمرانی نے اپنی جوانی کو اپنے عوام اور پارٹی کے لئے ابھی سے وقف کر رکھا ہے نصیر آباد میں شادی بیاہ ہو یا کسی غم و دکھ سمیت دیگر تقریبات میں میر بلال عمرانی خود شرکت کر کے عوام کے ساتھ گھل مل جاتے ہے اس جدید سائنسی اور نفسا نفسی کے دور میں عوام کو وقت دینا کسی کے بس کی بات نہیں ہے میر بلال عمرانی کی سیاسی کیریئر پر ہم نظر دھراتے ہیں تو وہ اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر و میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے کونسلر بھی ہیں اس کے علاوہ اپنے والد محترم صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور والدہ محترمہ صوبائی مشیر کے ساتھ ہر کام میں ان کے ہاتھ بٹاتے ہیں، میر بلال عمرانی کی سیاسی مقبولیت، ان کے والد محترم اور ان کے سیاسی کارکنوں کی بدولت ہے سیاسی ٹیم ورکرز میں شامل میر محمد رحیم لہڑی میر ارشاد احمد جمالی ماما سبزل علی خان کھلوئی رند اور شوشل ورکر محمد رحیم کلپی جیسے دوست ساتھ ہیں ساتھی ورکر میر بلال عمرانی کو نصیر آباد عوام کے مسائل سے انہیں گاہے بہ گاہے آگاہ کرتے رہتے ہیں میر بلال عمرانی نصیر آباد عوام کے لئے امید کی کرن ہے نصیر آباد سمیت پورے صوبے کے عوام میر بلال عمرانی سے جو امیدیں وابستہ کر رکھے ہیں۔ ہمیں امید ہے میر بلال عمرانی گاہے بہ گاہے انہیں پورے کرنے کی حتی الوسع کوششوں میں مصروف العمل ہیں ان شاء اللہ تعالیٰ مستقبل میں بھی میر بلال عمرانی اپنے نصیر آباد کے عوام کو کسی بھی صورت میں مایوس نہیں کریں گے۔ میر بلال عمرانی کا دروازہ پورے صوبے کے عوام کے لئے ہر وقت کھلا ہے اور کھلا رہے گا میر بلال عمرانی بغیر کسی لالچ کے عوام کے لئے ہر وقت خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ان کی بہترین عوام دوست خدمات کا یہ پھل ہے کہ عوام ہر وقت جم غفیر میں ان کے اردگرد جمع رہتے ہیں نصیر آباد عوام کی خوش قسمتی ہے کہ میر بلال عمرانی جیسا نوجوان تعلیم یافتہ سیاستدان انہیں مل چکا ہے

آر ڈی 17 ریگولیٹر متنازع بن چکا ہے، ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی

محکمہ ایری گیشن کو زمینداروں کے ہمراہ از سر نو ریگولیٹر کے کام کا جائزہ لینا ہوگا

اوستا محمد (این این آئی) محکمہ ایری گیشن اور زمینداروں کے درمیان جعفر آباد پل پر گیٹوں کے کام پر تحفظات کے سلسلے میں میٹنگ منعقد کی گئی جس میں ایکس ای این کھیر تھر کینال مہراللہ انصاری ایس ڈی او عابد سیال ایس ڈی او شفیع محمد بنگلزئی ڈپٹی کمشنر کا نمائندہ تحصیلدار علی گوہر مگسی زمیندار شاہ زمان خان جمالی سید ریاض حسین شاہ ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی اعجاز خان جمالی عبدالحمید خان جمالی گلاب جمالی نے شرکت کی اس موقع پر ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آر ڈی 17 ریگولیٹر متنازع بن چکا ہے جس پر زمینداروں کو تحفظات ہیں جس کے لیے محکمہ ایری گیشن کو زمینداروں کے ساتھ مل بیٹھ کر ریگولیٹر کے کام کو صحیح معنوں میں کرنا ہوگا تاکہ ہماری مستقبل کا مسئلہ حل ہو سکے اس موقع پر ایکس ای این مہراللہ انصاری کا کہنا تھا کہ جس وقت سسٹم کا کام شروع ہو رہا تھا اس وقت زمینداروں کو بلا کر ہم نے لیول کے بارے میں آگاہ کیا ہماری طرف سے ریگولیٹر کے کام میں کسی قسم کی بد دیانتی نہیں ہے ریگولیٹر کا کام ایری گیشن کی لیول کے مطابق ہو رہا ہے

قلعہ عبداللہ، رسالدار عمر خان کاکڑ دفعدار قربان عبداللہ دفعدار اشتہار مجرم گرفتاری کے موقع پر پریس کانفرنس کا نفرنس کر رہے ہیں

آزاد اور ذمہ دارانہ صحافت مہذب و جمہوری معاشروں کا بنیادی ستون ہوتا ہے

گزشتہ چند برسوں کے دوران عوام کو سچ سے باخبر رکھنے اور مقتدرہ کو جواب دہ بنانے کی پاداش میں صحافیوں کو سنگین خطرات کا سامنا کرنا پڑا ہے

عالمی یوم صحافت منانے کا مقصد آزاد صحافت کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے، پشین پریس کلب میں یوم آزادی صحافت سیمینار سے مقررین کا خطاب

پشین (این این آئی) پشین پریس کلب کے زیر اہتمام 3 مئی یوم آزادی صحافت کے موقع پر پریس کلب ہال میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا، سیمینار میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب سے میئر میونسپل کارپوریشن پشین سردار اکبر خان ترین، اسسٹنٹ کمشنر پشین ظہیر احمد زہری، عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر حاجی اصغر علی ترین، تحصیل صدر عبدالوحید، جماعت اسلامی کے تحصیل صدر سید عبدالرؤف، ضلعی سیکرٹری اطلاعات محمد حسن درانی، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کوئٹہ ڈویژن کے صدر قائم خان کاکڑ، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی کونسل کے رکن اور ضلعی سیکرٹری ا

روزنامہ مشرق

مکمل فٹ ہوکر پی ایس ایل کے میچز کھیل رہا ہوں، صائم ایوب

علاج کے دوران ڈاکٹر کو کہہ دیا تھا سچ کے لیے مکمل فٹ ہونے کے بعد پاکستان جاؤں گا، اظہرِ نو



لاہور (ایس ایس آئی) پاکستان اوپننگ بیٹر صائم ایوب نے کہا ہے کہ مکمل فٹ ہوں اس لیے پی ایس ایل کے میچز کھیل رہا ہوں۔ سامی رابیلے کی ویب سائٹس پر اظہرِ نو سے ہوئے صائم ایوب نے کہا کہ علاج کے دوران ڈاکٹر کو کہہ دیا تھا کہ مکمل فٹ ہونے کے بعد پاکستان جاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹی سی ایم چیمپئنز ٹرافی جیتنے کے خواہش مند ہیں، آئرلینڈ کے بعد آسٹریلیا کے خلاف میچ ہوں اس لیے پی ایس ایل سے کھیلنے کا موقع ملا۔ پاکستان اوپننگ بیٹرز کو مواقع ملتے ہیں۔ پاکستان اوپننگ بیٹر کا مزید کہنا تھا کہ ٹیم کو ہمیں اپنے اندر کی کوتاہی کو دور کرنے کی کوشش کرنا تھا، اس پہلے سیکھنا ہوگا، انجینئر کے ساتھ اظہرِ نو کو خوش رکھنا ہوگا۔ ذرائع نے بتایا کہ دوران پریکٹس ہی کل پاکستان کرشاٹ رائٹ مس ہی تمام معاملات کی نگرانی کر رہے ہیں، اس کے انجینئر ٹیم جوگئر میں بھی موجود ہے۔

پی ایس ایل ٹیموں کے ساتھ اسٹیگیریٹی آفیسر آؤٹ، پی سی بی خود گمران بن گیا

کھلاڑیوں کو مشکوک حوالہ جات کیلئے بھیجا گیا تھا، انجینئر کے رابطے اظہرِ نو کو خرچ کی جاتی تھی

لاہور (ایس ایس آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 ویں ایڈیشن میں ٹیموں کیساتھ اسٹیگیریٹی آفیسرز کا تقرر نہیں کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سپر لیگ میں پی ایس ایل کی جانب سے اینٹی کرپشن کے سخت ترین اقدامات کیے جاتے ہیں، آغاز میں چند واقعات کے بعد اینٹ میں اب تک اس حوالے سے کوئی برا کیس سامنے نہیں آیا۔ پی ایس ایل میچز کے ابتدائی برسوں میں ٹی سی سی اینٹی کرپشن یونٹ کو بھی ساتھ رکھا گیا تھا مگر اب یہ پریشر ٹرک کی جا چکی، ذرائع کے مطابق اس بار بھی کیوں کے ساتھ اسٹیگیریٹی افسران کو نہیں رکھا گیا۔ پہلی اذیں کھلاڑیوں کو مشکوک حوالہ جات کیلئے بھیجنے کے ساتھ ایک آفیشل بتا تھا، اس پہلے سیکیورٹی انجینئر کے ساتھ افسران کو خرچ دی جاتی تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ دوران پریکٹس ہی کل پاکستان کرشاٹ رائٹ مس ہی تمام معاملات کی نگرانی کر رہے ہیں، اس کے انجینئر ٹیم جوگئر میں بھی موجود ہے۔

انضام الحق کا بابر اعظم کو اسٹرائیک ریٹ بہتر کرنے کا مشورہ

ٹمر بابر اعظم اسٹرائیک ریٹ بہتر کرے گا تو پاکستان ٹیم کو ہی فائدہ ہوگا، اظہرِ نو

لاہور (ایس ایس آئی) پی ایس ایل میں پشاور زلمی کے ڈائریکٹر انضام الحق نے کپتان بابر اعظم کو اسٹرائیک ریٹ بہتر کرنے کا مشورہ دے دیا۔ پشاور زلمی کے ڈائریکٹر انضام الحق کا کہنا ہے کہ اگر بابر اعظم اسٹرائیک ریٹ بہتر کرے گا تو پاکستان ٹیم کو بھی فائدہ ہوگا۔ 20 تیز رکرکٹ سے آپ کو چھکے نہیں لگا پاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم کو ہمیں اپنے اندر کی کوتاہی کو دور کرنے کی کوشش کرنا تھا، اس کے پیریکٹ ہونے کا موقع ملتا ہے۔ پاکستان اوپننگ بیٹرز کو خوش رکھنا ہوگا۔ سامی رابیلے کی ویب سائٹس پر اظہرِ نو سے ہوئے صائم ایوب نے کہا کہ مکمل فٹ ہوں اس لیے پی ایس ایل میں کھیل رہا ہوں۔ صائم ایوب نے کہا کہ ٹی سی سی چیمپئنز ٹرافی جیتنے کے خواہش مند ہیں، آئرلینڈ کے بعد آسٹریلیا کے خلاف میچ ہوں اس لیے پی ایس ایل سے کھیلنے کا موقع ملا۔ پاکستان اوپننگ بیٹرز کو مواقع ملتے ہیں۔ پاکستان اوپننگ بیٹر کا مزید کہنا تھا کہ ٹیم کو ہمیں اپنے اندر کی کوتاہی کو دور کرنے کی کوشش کرنا تھا۔ اس پہلے سیکیورٹی انجینئر کے ساتھ افسران کو خرچ دی جاتی تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ دوران پریکٹس ہی کل پاکستان کرشاٹ رائٹ مس ہی تمام معاملات کی نگرانی کر رہے ہیں، اس کے انجینئر ٹیم جوگئر میں بھی موجود ہے۔

پی ایس ایل 10 سنسنی خیز مقابلہ: کراچی کنگز نے لاہور قلندرز کو 4 وکٹوں سے شکست دیدی

لاہور قلندرز کا سکواڈ: شاہین شاہ آفریدی (کپتان)، فخر زمان، محمد نعیم، عبداللہ شفیق، ڈیرل مچل، سیم ایئوب (وکٹ کیپر)، سکندر رضا، آصف علی، رشاد حسین، حارث رؤف، آصف آفریدی

کراچی کنگز کا سکواڈ: ڈیوڈ وارنر (کپتان)، ٹم سائفرٹ (وکٹ کیپر)، جنیفر ونیس، سعد بیگ، عرفان خان نیازی، محمد نبی، عامر جمال، عباس آفریدی، حسن علی، میر حمزہ

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) سیزن 10 کے 24 ویں میچ میں کراچی کنگز نے لاہور قلندرز کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 4 وکٹوں سے شکست دیدی۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں ہونے والے میچ میں کراچی کنگز نے ٹاس جیت کر لاہور قلندرز کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی، پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے لاہور قلندرز نے مقررہ 15 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 160 رنز بنائے جبکہ ڈی ایل ایس ٹیم تھوڑے کے تحت کراچی کنگز کو جیت کے لیے 168 رنز کا ہدف دیا گیا۔ لاہور قلندرز کی ٹیم کے دوران 7.5 اوورز کا کھیل ہونے پر بارش شروع ہوگئی جس کے باعث میچ کو روک دیا گیا تھا۔ بارش کے باعث میچ کو 15 اوورز فی اننگز تک محدود کردیا گیا، بارش سے پہلے لاہور قلندرز نے 7.5 اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 90 رنز بنالے تھے۔ لاہور قلندرز کی جانب سے اوپنر فخر زمان نے 29 گیندوں پر 65 رنز کی شاندار اننگز کھیلی جبکہ فخر زمان کے 51 رنز بنانے، عبداللہ شفیق 18، سکندر رضا 8، سیم ایئوب اور آصف علی 2، 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ ٹیم کے 3 بیٹسمین صفر پر پویلین لوٹ گئے۔ لاہور قلندرز کی ٹیم کے 3 بیٹسمین صفر پر پویلین لوٹ گئے۔ کراچی کنگز کی جانب سے عباس آفریدی نے 4 وکٹیں میر حمزہ، حسن علی اور عامر جمال نے ایک ایک کلاٹری کو پویلین کی راہ دکھائی۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل کی پوائنٹس ٹیبل پر کوئٹہ گلیڈیٹرز 8 میچ کے 11 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست ہے جبکہ کراچی کنگز 8 میچ کے 11 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ لاہور قلندرز کی ٹیم 7 میچ کے 7 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن پر ہے، جس کے پوائنٹس کی تعداد 9 ہے جبکہ کراچی کنگز 9 پوائنٹس کے ساتھ چوتھی اور پشاور زلمی 6 پوائنٹس کے ساتھ 5 ویں پوزیشن پر ہے۔ لاہور قلندرز کا سکواڈ: شاہین شاہ آفریدی (کپتان)، فخر زمان، محمد نعیم، عبداللہ شفیق، ڈیرل مچل، سیم ایئوب (وکٹ کیپر)، سکندر رضا، آصف علی، رشاد حسین، حارث رؤف، آصف آفریدی کراچی کنگز کا سکواڈ: ڈیوڈ وارنر (کپتان)، ٹم سائفرٹ (وکٹ کیپر)، جنیفر ونیس، سعد بیگ، عرفان خان نیازی، محمد نبی، عامر جمال، عباس آفریدی، حسن علی، میر حمزہ شامل تھیں۔

خاتون کوہ پیما نائلہ کیانی کی اگلی چوٹی سر کیلئے پیش قدمی

نائلہ کیانی 8 ہزار سے بلند 11 چوٹیاں سر کرنے والی واحد پاکستانی خاتون کوہ پیما ہیں

کچن جونگا کو پیما نائلہ کیانی کا مہیاب ترین خاتون کوہ پیما نائلہ کیانی نے اگلی چوٹی سر کرنے کیلئے پیش قدمی شروع کردی۔ نائلہ کیانی 8 ہزار سے بلند 11 چوٹیاں سر کرنے والی واحد پاکستانی خاتون کوہ پیما ہیں۔ نائلہ کیانی کی نظریں دنیا کی تیسری بلند ترین چوٹی کچن جونگا سر کرنے پر مرکوز ہے، نیپال میں واقع کچن جونگا کی بلندی 8 ہزار 586 میٹر ہے۔ نائلہ کیانی کچن جونگا کے بعد کے 2 کیمپ کی جانب روانہ ہوگئیں، پاکستان کی ماہیاب خاتون کوہ پیما نائلہ کیانی نے کچن جونگا کے بعد 8 ہزار میٹر سے پیچھے ہیں۔ نائلہ کیانی کچن جونگا کے بیس کیمپ پر پہنچیں گی۔ نائلہ کیانی اس ماہ کے آخر میں کچن جونگا سر کرنے کے لیے پرعزم ہیں، یہ پاکستانی خاتون کوہ پیما کی 8 ہزار میٹر سے بلند 12 ویں چوٹی ہوگی۔

پی ایس ایل میچ میں شہدائے پولیس کے اہل خانہ خاص مہمان

خاندانوں کو سرکاری پروٹوکول میں لایا گیا، شہدائے پولیس کے اکلوتے دیگر مہمانوں کو خصوصی نشستوں پر بٹھایا گیا

لاہور (ایس ایس آئی) پی ایل پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کا میچ دکھانے کیلئے شہدائے پولیس کے خاندانوں کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا۔ شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کاھرمان کی خصوصی ہدایت پر شہداء کے اہل خانہ کو قذافی اسٹیڈیم میں پی ایس ایل میچ دکھایا گیا۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جانے والے اسلام آباد یونائیٹڈ اور کوئٹہ گلیڈیٹرز کے درمیان کھیلے جانے والا میچ دکھانے کیلئے شہدائے پولیس کے خاندانوں کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا۔ شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کاھرمان کی خصوصی ہدایت پر شہداء کے اہل خانہ کو قذافی اسٹیڈیم میں پی ایس ایل میچ دکھایا گیا۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جانے والے اسلام آباد یونائیٹڈ اور کوئٹہ گلیڈیٹرز کے درمیان کھیلے جانے والے میچ میں پشاور زلمی کے اکلوتے دیگر مہمانوں کو خصوصی نشستوں پر بٹھایا گیا۔

میری والدہ کے مجھ سے زیادہ قومی ٹیم سے لگاؤ ہے، حسن شہریار یاسین

لاہور قلندرز میری فیورٹ ٹیم ہے، لاہور قلندرز ٹورنامنٹ نہ جیتتی تو کراچی کنگز جیت جائے گی

کراچی (ایس ایس آئی) معروف فیشن ڈیزائنر اور میزبان حسن شہریار یاسین نے کہا ہے کہ میری والدہ کا مجھ سے زیادہ قومی ٹیم سے لگاؤ ہے۔ میں نے پاکستان میں محنت سے کام کیا اور اب کامیاب ہوگیا ہوں، نوجوان محنت کریں تو پاکستان انھیں بہت کچھ دے سکتا ہے۔ حسن شہریار یاسین نے بتایا کہ حادثے کی وجہ سے میں ویلچر پر ہوں، 3 سال کیلئے محروم ہوگیا تھا۔

جنوبی افریقا کے فاسٹ بولر رکیگیسو ربادا کا ڈوپ ٹیسٹ مثبت آگیا

ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں ربادا کی شرکت خطرے پر لٹکی، ماہرین کا ہوا پھی ہوگی جس پر شرمندگی ہے، عارضی پابندی کا شکار ہوئے، جلد واپس آنے کا اعتماد

29 سالہ جنوبی افریقی فاسٹ بولر رکیگیسو ربادا آئی سی سی ٹیسٹ رینکنگ میں دوسرے نمبر پر موجود ہیں، وہ ٹیسٹ میں اب تک 327 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں

جوہانسبرگ (ایس ایس آئی) جنوبی افریقہ کے فاسٹ بولر رکیگیسو ربادا کا ڈوپ ٹیسٹ مثبت آگیا۔ رکیگیسو ربادا کا کہنا ہے کہ ماہرین کو ہوا پھی جس پر شرمندگی ہے، عارضی پابندی کا شکار ہوئے، جلد ہی میدان میں واپس آؤں گا۔ یاد رہے کہ ربادا ایک ماہر مل اسپاک آئی پی ایل کی ٹیم گجرات ٹائٹنز کی کپتان ہیں۔ ربادا کی ٹیسٹ رینکنگ میں دوسرے نمبر پر موجود ہیں، وہ ٹیسٹ میں اب تک 327 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔

میدان پر نوٹ چھینک کر ماہرین کا ''رونالڈو'' کیخلاف احتجاج، ویڈیو وائرل

برازیلین (ایس ایس آئی) لاریگا سچ کے دوران برازیل کے اسٹار فٹبالر رونالڈو نزاری کیخلاف ماہرین کے منفرد احتجاج نے سوشل میڈیا کو دو گروپوں میں تقسیم کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہفتے کی رات لاریگا میں پیش آنے والا واقعہ فٹبال دنیا کی قبیحہ کا مرکز بن گیا، رنٹل ریاڈ ونڈ کے ماہرین نے اپنے کلب کے مصدر رونالڈو نزاری کے خلاف احتجاج منظم اور ذہانی احتجاج ریکارڈ کروایا۔ سچ کے 12 ویں منٹ میں ہزاروں ماہرین نے اسٹیڈیم کے اندر 500 یورو کے ٹکٹ کو 60 ہزار سے زائد طبقی نوٹ میدان پر پھینکے، ان نوٹوں پر رونالڈو کی تصویر نمایاں تھی۔ واقعہ کے بعد سچ کو دو گھنٹے دیر سے روک دیا گیا جبکہ سکیورٹی اہلکاروں کو میدان صاف کرنے کیلئے مداخلت کرنا پڑی۔ کلب کے مالک رونالڈو نزاری پر بدانتظامی کے تعین اخراجات ماہرین جبکہ ہم کی حالت پر سوال کیا ہے کہ رونالڈو کی نجی بایاں کس رہی ہے، اسی طرح کلب کی مالی حالت پر شدید تحفظات ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ رونالڈو نے 2018 میں جب کلب کو خریدا تھا تو کہا تھا کہ ہمیں اپنے امیدیں وابستہ ہیں کلب اب رونالڈو تعطیل کی جانب جارہے ہیں۔

ایک دن ضرور پاکستان کیلئے کھیلوں گا: محمد نعیم

ایس ایس آئی میں سب سے بڑی پرفارمنس میری ہاری ہی تھی، لاہور قلندرز نے بہت سپورٹ کیا

لاہور (ایس ایس آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز لاہور قلندرز کے ہاپ آؤٹ بیٹسمین محمد نعیم کا کہنا ہے کہ پاکستان کی کرین شرف حقدار ہے ملتی ہے، اس کے حصول کے لیے محنت اور پرفارمنس ہی میری پرفارمنس میری ہاری تھی لیکن مجھے سب سے بڑی پرفارمنس میری ہاری تھی لیکن مجھے لاہور قلندرز نے بہت سپورٹ کیا اور اعتماد دی جبہ سے بار بار کلاٹ ہونے کے بعد مشکل کرنے میں مدد کی۔ محمد نعیم کا کہنا ہے کہ لاہور قلندرز کا مجھ پر اعتماد کرنے کے لیے ان کا مشکور ہوں، لاہور قلندرز نے صرف اس پی ایس ایل میں اعتماد نہیں کیا بلکہ یہ سلسلہ چھ سالہ بہت پرانا ہے، پیشرز ڈیپوٹیشن پروگرام پر چل رہا تھا۔ قلندرز اور پھر جیسیا کے ساتھ ہی ہمیں کھیلنا ہے، انہوں نے کہا کہ ٹیم کا کپتان

1 نقیب

ڈی جی آئی ایس پی آر

دینے کیلئے تیار ہیں، پاکستان پرامن ملک ہے اور غلطی میں ہم پہل نہیں کرتے، ہم بھارتی پیشکش پر تحقیق کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان تنازع کو حل کرنا چاہتے ہیں، 26 مئی بھارتی سپریم کورٹ کے مطابق بھارت کے جارحانہ اقدامات، اشتعال انگیزی سے کام لے رہا ہے، بھارت کے سابق وزیر خارجہ کے مطابق بھارت کے جارحانہ اقدامات کو بھی اجاگر کرنے کے بھارتی اقدامات کو بھی اجاگر کرنے کا، بھارتی جارحانہ اقدامات سے جنوبی ایشیا کے امن کو خطرہ لاحق ہے، بھارتی رینگ جی جاتی ہے، اسم عظمیٰ اقدام پاکستان کی عالمی برادری کے ساتھ درست حقائق بیان کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ دریں اثنا آرمی چیف فیلڈ مارشل شہباز شریف اور ملائیشیا کے وزیر اعظم دوتسری انور ابراہیم کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا، وزیر اعظم نے پہلگام واقعے کے بعد سے بھارت کے اشتعال انگیز رویے کے نتیجے میں جنوبی ایشیا میں موجود کشیدگی پر پاکستان کی شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے بلوچستان کی سی پیک پیشکش کو اہل ملک اور سرمایہ کاروں کے لیے امن اور استحکام کی علامت قرار دیا۔ وزیر اعظم نے پہلگام کے

وفاقی حکومت معاشی بحالی پر توجہ مرکوز کیلئے اقدامات کر رہی ہے، سیدال خان ناصر

بلوچستان کو خاص اہمیت حاصل ہے، وسائل کو عوامی فلاح و بہبود کے لیے بروئے کار لایا جا رہا ہے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

نوجوان ہمارا قیمتی اثاثہ، ان کی تعلیم و تربیت، روزگار کے مواقع اور صلاحیتوں کو اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان سے اتوار کو کوئٹہ میں مختلف قبائلی عمائدین، دانشوروں، وکلاء اور طلباء کے وفود نے ملاقاتیں کی۔ ملاقات میں ملکی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال، بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں، نوجوانوں کے مسائل اور تعلیمی شعبے میں بہتری کے لیے کیے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینٹ نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ..... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

نیو اتحاد نان بائیان کے تادم مرگ بھوک ہڑتالی کیمپ میں نعیم بلوچی سے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

جنوبی پنجاب، آسمانی بجلی گرنے سے 4 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

لاہور (بیورو رپورٹ) جنوبی پنجاب میں گرج چمک کے ساتھ بارش کے دوران آسمانی بجلی گرنے سے 4 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے، ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق جاں بحق افراد راجن پور اور بہاولپور کے رہائشی تھے، ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی ..... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی لڑکی سے شادی کرنے والا بھارتی فوجی نوکری سے فارغ

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارت میں سینٹرل ریزرو پولیس فورس نے جموں کے رہائشی جوان فوجی افسر کو پاکستانی خاتون سے شادی کرنے اور مبینہ طور پر شادی چھپانے پر نوکری سے برطرف کر دیا، فوجی افسر منیر احمد نے الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے سی آر ..... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے اپنا آئی ایم ایف ڈائریکٹر فارغ کر دیا

نیویارک (بیورو رپورٹ) پاکستان کے اقتصادی استحکام کو سبوتاژ کرنے کی بھارتی سازش ایک بار پھر بے نقاب ہو گئی جب بین الاقوامی مالیاتی فنڈ آئی ایم ایف میں بھارت کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کرشن مورتی وی سبرامنین کو مدت مکمل ہونے سے 6 ماہ قبل ہی اچانک برطرف کر دیا گیا، بھارتی کابینہ کی اپوائنٹمنٹس کمیٹی نے کرشن مورتی کی برطرفی کی منظوری دے دی تاہم کسی سرکاری وجہ کا اعلان نہیں کیا گیا۔

نہتے فلسطینی مسلمانوں پر بارود برسائے جا رہے ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

مسلم ممالک کے حکمران فلسطینیوں کی چیخ و پکار پر خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں، جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شیخ الدین نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی سرپرست مولانا شمس الہدیٰ مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجم خان خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی مولانا سائیں عزیز احمد شاہ اسروئی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مولانا قاری محمد اکمل مولانا ..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ہنگلاج ماتا کا تین روزہ میلہ اختتام پذیر

اس سال ریکارڈ لاکھوں ہندو یاتریوں نے میلے میں شرکت کی، ترجمان پرکاش کمار لاسی

اوتھل (آن لائن) ہنگلاج ماتا کا تین روزہ میلہ اختتام پذیر ہو گیا۔ ملک بھر سے لاکھوں ہندو یاتریوں اور عقیدت مندوں نے ہنگلاج ماتا مندر کے میلے میں شرکت کی اور ماتا کی زیارت اور پوجا پاٹ کی، حکومت بلوچستان پی ڈی ایم اے کی جانب سے بہتر انتظامات کئے گئے تھے شری ہنگلاج ماتا ویلفیئر منڈلی کی جانب سے پیدل سفر کر کے آنے والے یاتریوں کے لئے راستے میں جگہ جگہ کھانے پینے پانی کا اہتمام بھی کیا گیا تھا، ضلعی انتظامیہ ..... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پہلگام فالز فلیگ آپریشن پر مفصل ڈاکومنٹری، بھارتی پروپیگنڈہ بے نقاب

ڈاکومنٹری میں پہلگام فالز فلیگ کے اصل محرکات، زمینی حقائق اور بھارت کی طرف سے گھڑے گئے جھوٹے بیانیے کو اجاگر کیا

بھارت کے پاکستان میں دہشت گردی کرانے کے ناقابل تردید ثبوت بھی پیش، بھارتی عوام، سیاستدانوں کے سوالات بھی حصہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پہلگام فالز فلیگ آپریشن پر بھارتی پروپیگنڈا بے نقاب کرتے ہوئے مفصل ڈاکومنٹری جاری کر دی گئی، ڈاکومنٹری میں پہلگام فالز فلیگ کے اصل محرکات، زمینی حقائق اور بھارت کی طرف سے گھڑے گئے جھوٹے بیانیے کو اجاگر کیا گیا، بھارت کے پاکستان میں دہشتگردی کرانے کے ناقابل تردید ثبوت بھی پیش کیے گئے، بھارتی عوام، سیاستدانوں، تمام مکتبہ فکر ..... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، متحدہ قبائل فیڈریشن پاکستان کے زیر اہتمام بھارت اسرائیل مردہ باد ریلی متحدہ قبائل فیڈریشن پاکستان کے سربراہ ملک امان اللہ کاکڑ کی قیادت میں متان چوک سے گزر رہی ہے

25 کروڑ عوام اپنی فوج کیساتھ کھڑے ہیں، مفتی منیب الرحمٰن

کراچی (بیورو رپورٹ) اہلسنت و جماعت کے زیر اہتمام کراچی میں فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی مارچ و ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مفتی منیب الرحمٰن نے کہا 25 کروڑ عوام اپنی فوج کے ساتھ کھڑے ہیں، اہلسنت و جماعت کے زیر اہتمام فلسطینیوں ..... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

مقبوضہ کشمیر، بھارتی فوج کی گاڑی حادثے کا شکار، 3 اہلکار ہلاک

حادثہ "ٹائی راڈ" میں اچانک خرابی کے باعث پیش آیا، گاڑی کھائی میں جا گری

سرینگر (مشرق نیوز) مقبوضہ جموں و کشمیر کے ضلع رامبن میں بھارتی فوج کی ایک اور لاپرواہی نے 3 اہلکاروں کی جان لے لی، جموں سے سرینگر کی جانب جانے والی فوجی جیپ 700 فٹ گہری کھائی میں جا گری، 3 اہلکار موقع پر ہی ہلاک ہو گئے، حادثہ گاڑی کے "ٹائی راڈ" میں اچانک خرابی کے باعث پیش آیا، میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی فوج کی گاڑیوں کی ناقص دیکھ بھال سنگین صورتحال اختیار کر چکی، محض ایک ہفتے کے دوران فوجی قافلوں میں ..... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

سبی میں جہاں بجلی نہیں وہاں سولر پینل نصب کریں گے، سردار کوہیار ڈومکی

حکومت عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، صوبائی وزیر انڈسٹریز

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر انڈسٹریز سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں سبی کے ان علاقوں میں سولر پینل نصب کئے جا رہے ہیں جہاں تاحال بجلی کی سہولت میسر نہیں انہوں نے بتایا کہ اس اقدام کا مقصد محدود وسائل میں رہتے ہوئے غریب عوام کو بجلی کا متبادل ذریعہ فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنے گھروں کو روشن رکھ سکیں اور گرمی ..... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ملا خیل کمبی، کاکڑ قبائل کے درمیان خونی تنازعے کے تصفیہ کے موقع پر جرگے سے بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف کمبی، حاجی عمران ملا خیل، حاجی موسیٰ خان و دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

بھارتی میڈیا کا پاکستان کیخلاف پروپیگنڈہ جھوٹ کا پلندہ ہے، دھنیش کمار

پاکستان میں اقلیتوں کو نہ صرف مکمل مذہبی آزادی حاصل بلکہ رسومات کی ادائیگی میں انہیں حکومتی سرپرستی بھی حاصل ہے، سینیٹر

حکومت بلوچستان نے آئندہ بجٹ میں ہنگلاج ماتا تیرتھ آستھان کیلئے 1 ارب کے ترقیاتی پیکج کا اعلان بھی کیا ہے، ہنگلاج ماتا میلے کے موقع پر گفتگو

اوتھل (نامہ نگار) سینیٹر دھنیش کمار نے کہا ہے کہ بلوچستان میں منعقد ہونے والا ہنگلاج ماتا کا سالانہ میلہ اس بات کا عین ثبوت ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کو نہ صرف مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے بلکہ ان کی حفاظت، سہولیات اور رسومات کی ادائیگی کو حکومتی سرپرستی حاصل ہے انہوں نے کہا کہ بھارتی میڈیا اور حکومت کا پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈہ محض جھوٹ اور فریب پر مبنی ہے ان خیالات ..... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اپنی رہائش گاہ پر علاقے کے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ کی کاوشیں، دیرینہ تنازعے کا تصفیہ

مسلسل رابطوں سے کھوسہ قبائل کی دو ذیلی شاخوں میں اعتماد کی فضا قائم کر دی گئی

تنازعے کے باعث متعدد قیمتی جانیں ضائع ہوئیں، علاقے کے عوام کا خوشی کا اظہار

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ کی ذاتی کاوشیں رنگ لے آئیں، ضلع صحبت پور میں کھوسہ قبائل کے دیرینہ تنازعے کا پرامن تصفیہ۔ پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ کی شب و روز محنت اور مخلصانہ کوششوں کے نتیجے میں ضلع صحبت پور میں طویل عرصے سے جاری کھوسہ قبائل کے دو اہم ذیلی گروپوں، چھتانی (ٹھوڑا) کھوسہ اور مانجھانی کھوسہ ..... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

سوراب میں امن و امان خراب کرنیکی اجازت نہیں دے سکتے، ایس پی

پولیس نے کامیاب آپریشن کرتے ہوئے خطرناک چوروں کے گروہ کو گرفتار کر لیا، ایوب اچکزئی

سوراب (آن لائن) ایس پی سوراب ایوب اچکزئی کا پولیس فورس کی کامیاب کارروائی پر پولیس تھانہ سوراب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہنا تھا کہ سوراب پولیس فورس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایک اور کامیاب وتاریخی کارروائی کرتے ہوئے خطرناک چور گروہ کو اس کے ساتھیوں سمیت تین گھنٹے طویل آپریشن کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کر لیا، یہ کامیاب آپریشن پولیس فورس نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر سوراب سٹی میں ..... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

15 مئی کو کوئٹہ میں منعقدہ ملین مارچ فیصلہ کن ثابت ہوگا، جمعیت

فلسطین میں معصوم بچوں کی لاشیں، زخمی ماؤں کی سسکیاں دنیا کے منہ پر طمانچہ ہیں، صوبائی امیر

ہم نے ہر دور میں مظلوم کا ساتھ اور حق کی حمایت کی ہے، مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے زیر اہتمام 15 مئی کو کوئٹہ میں منعقد ہونے والا "اسرائیل مردہ باد ملین مارچ" اپنی نوعیت کا ایک تاریخ ساز اور فیصلہ کن اجتماع ثابت ہوگا، جس میں نہ صرف اہل بلوچستان کی روحانی وابستگی اور نظریاتی ہم آہنگی کا عملی مظاہرہ دیکھنے کو ملے گا بلکہ یہ مارچ عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنے والی ایک صدائے احتجاج بھی ہوگا اس عظیم الشان مارچ میں قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمان خلیفہ العالی ..... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پی ٹی آئی کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ کو ٹریفک حادثہ کے بعد طبی امداد دی جا رہی، ان سیٹ میں تباہ ہونیوالی گاڑی

وڈھ آسمانی بجلی گرنے سے چرواہے کے 80 سے زائد جانور ہلاک

بھیڑ بکریوں کی ہلاکت سے چرواہے کو لاکھوں کا نقصان زندگی کی تمام خواہشیں دم توڑ گئیں

خضدار (آن لائن) تحصیل وڈھ سب تحصیل سارونہ میں گزشتہ روز آسمانی بجلی گرنے سے پلیا بھائی کے 80 سے زائد بھیڑ ہلاک ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل وڈھ کے سب تحصیل سارونہ میں گزشتہ روز آسمانی بجلی گرنے سے ایک غریب چرواہے کی 80 سے زائد بھیڑ بکریاں ہلاک ہو گئے غریب چرواہے کی زندگی کی تمام خواہشیں دم توڑ گئیں غریب چرواہے کو لاکھوں کا نقصان۔ واضح رہے کہ موجودہ موسم میں جہاں بارشیں ..... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ابدالی میزائل کا تجربہ مسلح افواج کی پیشہ وارانہ مہارتوں کا ثبوت ہے، کرن حیدر

مسلم لیگ ن نے ہمیشہ ایک مضبوط و محفوظ پاکستان کے موقف کی حمایت کی، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) رکن قومی اسمبلی کرن حیدر نے ابدالی میزائل کے کامیاب تجربے پر انجینئرز اور سائنسدانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ابدالی میزائل تجربہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں میں اضافے اور مسلح افواج کی پیشہ وارانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے ہم اپنے وطن کے بہادر محافظوں کو سلام پیش کرتے ہیں پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ ایک مضبوط اور محفوظ پاکستان کے موقف کی حمایت کی ہے پاکستان کی جانب سے کامیاب میزائل تجربے پر قوم کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔

پاکستان ایٹمی طاقت، جنگ کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے، نصیر مینگل

پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں پھوڑ دیں گے، سابق وزیر اعلیٰ

بلوچستان کی صورتحال مخدوش صوبائی حکومت عوام کی حفاظت یقینی بنائے، سابق وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر نصیر مینگل نے کہا ہے کہ دنیا بھارت کو سمجھائے پاکستان ایٹمی ملک ہے اگر پاکستان پر جنگ مسلط کی گئی تو اس کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے پوری قوم اپنی پاک افواج کے شانہ بشانہ ہے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال مخدوش حکومت کو چاہئے کہ وہ عوام کے جان و مال کی حفاظت یقینی بنائے جب تک امن و امان قائم نہیں ہوگا ترقی کا سفر مکمل ہونا ناممکن ہے ان خیالات ..... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروسز کے آغاز کی تیاریاں عروج پر

سروسز آئی ٹی، تعلیم، صنعت سمیت مختلف شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مددگار

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان میں سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروسز کے آغاز کی تیاریاں عروج پر ہیں، دنیا کی معروف کمپنیوں نے اپنی دلچسپی کا اظہار کر دیا، ایلون مسک کی کمپنی سٹارلنک دوڑ میں سب سے آگے بھی جا رہی ہے، پیش رفت ملک میں ڈیجیٹل انقلاب کی راہیں ہموار کرے گی اور آئی ٹی، تعلیم، صنعت و تجارت سمیت مختلف شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مددگار ثابت ہوگی، ماہرین کے مطابق سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروسز کا اجرا نہ ..... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ہماری افواج و عوام غیرت ایمانی سے سرشار ہیں، سردار یعقوب ناصر

ابدالی میزائل کا تجربہ قابل فخر جو 450 کلومیٹر سے بھی اپنے ہدف کو نشانہ بنا سکتا ہے، رکن قومی اسمبلی

پوری قوم ملک سے بیرونی و اندرونی دہشتگردی کے خاتمے کیلئے متحد ہے، رہنما مسلم لیگ (ن)

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، ایم این اے سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ پوری قوم کو اپنے سائنسدانوں اور انجینئرز پر فخر ہے جنکی انتھک محنت سے ابدالی وپین کا کامیاب تجربہ کیا گیا جو 450 کلومیٹر سے اپنے ہدف کو نشانہ بنا سکتا ہے انہوں کہا کہ میزائل ایٹم صلاحیت کا بھی حامل ہے اب ہم بھارت کے ہر شہر کو نشانہ بنا سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ بھارت کو خبردار کرتے ہیں کہ ہماری افواج اور عوام غیرت ایمانی سے سرشار ہیں ہم ہر قسم کی جارحیت کا مقابلہ کر سکتے ہیں ہمیں ملک کی سلامتی سب ..... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

قبائل چیف کی قیادت میں بھارت و اسرائیل مخالف ریلی، ہندوستانی پرچم نذر آتش

بھارت کیخلاف قبائل فوج کے شانہ بشانہ، ہمارے آباؤ اجداد نے قربانیاں دیں ہم بھی جانوں کے نذرانے پیش کریں گے، ملک امان اللہ کاکڑ

غزہ ملبے کے ڈھیر میں تبدیل، مسلم ممالک صرف تماشائی کا کردار ادا اور اسرائیل کو لگام دینے سے کترا رہے ہیں، مظاہرین سے مقررین کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیف آف قبائل ملک امان اللہ خان کاکڑ کی قیادت میں بھارتی جارحیت و اسرائیلی مظالم کے خلاف گزشتہ روز احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے کی شکل اختیار کر گئی مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر اسرائیل اور بھارت کے خلاف نعرے درج تھے مظاہرین نے بھارتی پرچم بھی نذر آتش کیا اس موقع ..... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی، سیکرٹری حیات کاکڑ، سیکرٹری آر ٹی اے محمد علی درانی کو اسناد دے رہے ہیں

لیبیا کشتی حادثے میں جاں بحق مزید 2 پاکستانیوں کی میتیں واپس

لاہور (بیورو رپورٹ) لیبیا میں کشتی حادثے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے مزید 2 پاکستانیوں کی میتیں پاکستان پہنچا دی گئیں، دونوں میتیں لاہور انٹرنیشنل ایئرپورٹ لائی گئیں، جاں بحق افراد کا تعلق ضلع گوجرانوالہ سے تھا، شناخت سفیان اور ندیم احمد ..... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ٹوشکی لیویز فورس کی کارروائی، گاڑی سے اسلحہ برآمد، نامعلوم ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

دالبندین (نامہ نگار) گزشتہ رات چاغی لیویز فورس نے اہم کارروائی میں گشت کے دوران مشکوک گاڑی تحویل میں لے لی گاڑی سے ایک عدد ایل ایم جی 600 راؤنڈز 8 بیرل برآمد، فورس نے فوری طور پر نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرتے ..... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

9 ماہ کے دوران تمام خطوں کیلئے پاکستانی برآمدات میں اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت تمام خطوں کیلئے پاکستانی برآمدات بڑھانے میں کامیاب ہوگئی، پہلے 9 ماہ کے دوران امریکہ ریجن کیلئے پاکستانی برآمدات میں سالانہ بنیاد پر سب سے زیادہ 11 فیصد کا اضافہ ہوا جبکہ اسی دوران ایشیا ریجن کیلئے پاکستانی برآمدات کا حجم سب سے زیادہ 8 ارب 71 کروڑ ڈالرز رہا، حکومتی ذرائع کے مطابق رواں ..... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

گڈ جوڑ سے چینی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، قاری مہر اللہ

حکومت مصنوعی قلت پیدا اور مافیاز کا سرمایہ بڑھانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، رہنماء جمعیت (ن)

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، شیخ الحدیث مولانا سراج الدین شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد، مولانا آغا ابراہیم شاہ، مولانا خدائے نظر، مولانا محمد ابراہیم مولانا رحمت اللہ حقانی نے کہا کہ حکومت و مافیاز گٹھ جوڑ سے چینی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے چینی کی ذخیرہ اندوزی اور مافیا میں حکمران فیملی کی شوگر ملیں ملوث ہیں ایک کلو چینی 180 روپے فروخت ..... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

صدر پی ٹی آئی داؤد شاہ کاکڑ ژوب کے قریب ٹریفک حادثے میں شدید زخمی

حالت خطرے سے باہر آج سرجری متوقع، عوام سے صحت کیلئے دعاؤں کی اپیل ہے، صوبائی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ و دیگر کی صحت یابی کیلئے قوم سے دعاؤں کی استدعا کی جاتی ہے صوبائی جنرل جہانگیر رند و دیگر کی حالت اب خطرے سے باہر ہے صوبائی صدر و دیگر کی عیادت کے پورے صوبے سے کارکنان کی ہسپتال آمد کا سلسلہ جاری ہے پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں کہا کہ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی صدر ..... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی، انڈس واٹر کمیشن نے تفصیلات حکومت کو بھجوا دیں

بھارت 3 ڈیموں کی تعمیر کر کے عملی طور پر سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کر چکا، تینوں بار ورلڈ بینک، نیوٹرل ایکسپرٹ سے بکی

بھارت نے 2005 میں بگلیہار ڈیم 2010 میں کشن گنگا ڈیم اور 2016 میں رتلے ڈیم تعمیر پر معاہدے کو نظر انداز کیا، ذرائع انڈس کمیشن

لاہور (بیورو رپورٹ) انڈس واٹر کمیشن نے بھارت کی اب تک کی سندھ طاس معاہدوں کی خلاف ورزی کی تفصیلات حکومت کو بھجوا دیں، ذرائع انڈس واٹر کمیشن کے مطابق بھارت 3 ڈیموں کی تعمیر کر کے عملی طور پر سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کر چکا، تینوں بار بھارت ورلڈ بینک اور نیوٹرل ایکسپرٹ سے بکی کا سامنا کرنا پڑا، ذرائع انڈس کمیشن کے مطابق بھارت نے ..... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

اوتھل، سینیٹر دھنیش کمار، پلیانی، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیر ابلوچ، ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر، ہنگلاج ماتا مندر میلے میں یاتریوں میں ٹھنڈا پانی تقسیم کر رہے ہیں

حج آپریشن، 98 فیصد سرکاری عازمین کرام کو ویزوں کا اجراء

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حج آپریشن 2025 کامیابی سے جاری ہے، ترجمان مذہبی امور کے مطابق 98 فیصد سرکاری عازمین کرام کے حج ویزے جاری ہو چکے، بعض نیم خواندہ اور دور دراز علاقوں کے عازمین حج کو بائیو میٹرک کے مسائل درپیش آئے ..... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

2 سال سے کہہ رہا ہوں، میرے بچے بھارت میں محفوظ نہیں، غلام حیدر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارت جانے والی سیما کے شوہر غلام حیدر نے کہا ہے 2 سال سے کہہ رہا ہوں، میرے بچے بھارت میں محفوظ نہیں، بھارتی میڈیا رپورٹ کر رہا ہے بچوں پر بڑا حملہ ہوا، حملے بعد پتہ نہیں چل رہا ہے بچے کس حال میں ہیں، حکومت ..... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے پاس بہت پانی، استعمال بہتر بنانا ہوگا، ہارون اختر

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر نے کہا ہے پاکستان کے پاس بہت پانی ہے بس استعمال بہتر بنانا ہوگا، لاہور میں تاجروں اور صنعت کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے معاون خصوصی ہارون اختر نے کہا تنخواہ دار اور کاروباری طبقے کو ٹیکس چھوٹ دینے کی کوشش کر رہے ہیں، صنعت چلے گی تو ٹیکسز میں بھی اضافہ ہوگا، کسانوں ..... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

بارڈرز بند اور روزگار چھیننا ظلم کے مترادف ہے، مولانا ہدایت الرحمان

عوام کو حقوق و روزگار دیکر ماحول تبدیل کیا جا سکتا ہے، امیر جماعت اسلامی

مسلم باغ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے بارڈرز بند اور عوام سے روزگار چھیننا ظلم کے مترادف ہے ہم عوامی بیداری حقوق بلوچستان مہم چلا کر عوام کو مزاحمت کیلئے تیار کر رہے ہیں خوف و دہشت کا ماحول ختم کر کے عوام کو حقوق و روزگار دیکر ماحول تبدیل کیا جا سکتا ہے روزگار کاروبار تجارت و معدنیات پر قبضہ کرنے والے عوام کے خیر خواہ نہیں ان خیالات ..... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظم و ضبط کا نام، جماعتی دستور سے کوئی بالا نہیں، حافظ حسین احمد شرودی

15 مئی کو "اسرائیل مردہ باد ملین مارچ" ملکی تاریخ کا سب سے بڑا اجتماع ثابت ہوگا، رہنماء جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی برہیچ مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا احمد جان ساسولی مولانا عبدالمجید مولانا محمد اکبر مینگل مولانا مفتی رضا خان سید نصیب اللہ آغا امین جان رند حاجی محمد عیسیٰ ملک روزی الدین جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے کنوینئر حافظ حبیب الرحمان نے کہا کہ 15 مئی کو ہونے والا اسرائیل مردہ باد ملین مارچ ملکی تاریخ ..... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران، ڈاکٹر شیر عالم مری، میر احمد نواز مری سے الٰہی بخشیرہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

تاجر برادری نے انکم ٹیکس آرڈیننس کیخلاف ملک گیر احتجاج کا عندیہ دیدیا

کچے کے ڈاکوؤں کے بعد پکے کے ڈاکوؤں نے تاجروں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کی تیاری کر لی، صدر مرکزی تنظیم تاجران

بس بہت ہو گیا، ملکی معیشت تباہ کرنے کیلئے اوچھے ہتھکنڈے کامیاب نہیں ہونے دیں گے، اجمل بلوچ، کاشف چودھری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تاجر برادری نے انکم ٹیکس آرڈیننس کو مسترد کرتے ہوئے فوری واپس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے ملک گیر احتجاج کا عندیہ دیدیا، آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ نے اپنے بیان میں نئے انکم ٹیکس آرڈیننس کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے کہا حکومت رات کے اندھیرے میں جاری کئے گئے نئے انکم ٹیکس آرڈیننس کو واپس لے، کاروباری طبقہ انتہائی مشکلات ..... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

وزارتِ منصوبہ بندی،
ترقی و خصوصی اقدامات
حکومتِ پاکستان
URAAN PAKISTAN
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
HEC
نفرت سے انکار، امن کا پرچار
نارووال امن ڈائیلاگ
6 مئی 2018— وہ دن جب انتہا پسندی کے شکار ایک نوجوان نے اس وقت کے وزیر داخلہ جناب احسن اقبال پر قاتلانہ حملہ کیا مگر الحمدللہ وہ اس دوران شدید زخمی ہونے کے باوجود محفوظ رہے تاہم نفرت کی یہ گولی آج بھی ان کے وجود کا حصہ ہے۔ یہ واقعہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ عدم برداشت اور نفرت صرف افراد ہی نہیں، اقوام کو بھی زخمی کرتی ہے۔
اس دن کو سبق آموز بنانے کے لئے ہم سالانہ "نارووال امن ڈائیلاگ" (امن مکالمے) کا آغاز کر رہے ہیں— ایک ایسا پلیٹ فارم جو تشدد اور انتہا پسندی کے خلاف اجتماعی آواز، اور امن، برداشت، اور جمہوریت کے حق میں مکالمے کو قومی اور عالمی سطح پہ فروغ دے گا اور اک نئے عہد اور عزم کی بنیاد ثابت ہوگا۔
مہمانِ خصوصی پروفیسر احسن اقبال
وفاقی و